ماہنامہ روحانی

# آئینہ قسمت

آفاقی معلومات کا علمبردار

جون ۲۰۰۶

سید انتظار حسین شاہ

Scanned with CamScanner

# عرس پیر شاہ زنجانیؒ کا آنکھوں دیکھا حال

**جشن عید میلاد النبی ﷺ** کے زیر سایہ ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی **11,10** ربیع الاول **سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی پیر بھائی داتا گنج بخشؒ کے روحانی فرزند بانی ادارہ آئینہ قسمت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کا نواں سالانہ عرس** نہایت پروقار روحانی سعادت کے ساتھ منایا گیا۔ **10** ربیع الاول بروز اتوار **9** مئی **2006** نماز فجر کے بعد درگاہ پیر شاہ زنجانی (بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ شاد باغ۔ لاہور) کو غسل دیا گیا۔ طلوع آفتاب کے بعد سے نماز ظہر تک علاقہ گاؤں بھماں جھگیاں کے دینی مدرسہ کے طلبہ نے قرآن خوانی کا سلسلہ جاری رکھا۔ منازل شریعت' طریقت' معرفت الٰہی رکھنے والے بزرگانِ دین کے مزارات ہندو پاک میں ہر جگہ پھیلے ہوئے ہیں۔ اگرچہ یہ بزرگان ہر دور ہر زمانہ میں تبلیغ دین کا فریضہ ہی انجام دیتے رہے اور ان کی ولایت کا فیض دُنیا کو منور کرتا رہا اور آج بھی کر رہا ہے۔ یہ امام عالی مقام سید الشہداء **امام حسینؑ** کی عظیم شہادت کا **معجزہ** ہے کہ **عرش معلیٰ** کا سلسلہ **کربلا معلیٰ** سے جا ملتا ہے۔ اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد' امام حسینؑ نے اپنے نانا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سنت کو اس طرح اُجاگر کیا کہ دین الٰہی الگ اور حکومت الگ ہوگئی۔ کوئی فاجر حکمران آج بھی دین الٰہی' دین محمدیؐ میں تبدیلی و ترمیم کی جرأت نہ کر سکا اور نہ ہی کر سکے گا۔ امام حسینؑ نے کربلا میں جو سنتِ محمدیؐ اُجاگر کی تھی اس کی کرنیں آج بھی روز روشن کی طرح منور ہیں اور یہ سب بزرگانِ دین بھی حسینیؑ سلسلے کی کڑی ہیں۔ حدیث رسولؐ ہے کہ "**حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں**" حیات رسولؐ میں شائد یہ بات صحابہ کو سمجھ نہ آئی ہو مگر اب ہر اُمتی یہ جانتا ہے کہ قربانی حسینؑ شہادت حسینؑ سے ہی دین محمدیؐ اپنی اصل شکل میں آج بھی قائم ہے اور ہمیشہ قائم رہیگا۔ ہنود' یہود و نصاریٰ آج بھی اس دین کو مٹانے کیلئے کشمیر' فلسطین' بوسنیا' افغانستان' عراق میں مسلمانوں کا خون بہا رہا ہے اور اب ایران میں یہ ناپاک جسارت کرنے کے منصوبے بنا رہے ہیں۔ کراچی میں **جشن میلاد النبیؐ** پر تحریک اہلسنت کے **علماء کا جس بے دری سے خون بہایا گیا** یہ بھی عالمی **صیہونی سازشیں** ہیں۔ آج وقت کی ضرورت ہے کہ دین کے حقیقی وارث بارہویں **امام حضرت امام مہدیؑ** کا جلد حکم الٰہی سے ظہور ہو اور باطل قوتیں نیست و نابود ہوں۔ ہمیں ظہور امامؑ کیلئے اپنی نمازوں کے بعد مسلسل دعائیں کرتے رہنا چاہئے۔ روحانی باتیں شروع ہو جائیں تو ان کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ بات ہو رہی تھی عرس شاہ زنجانی کی اس مقدس روحانی محفل میں رسم چادر پوشی کے لئے جن مہمانانِ گرامی نے شرکت فرمائی ان میں لیفٹیننٹ جنرل (ر) **ضیاء اللہ**' سابق گورنر پنجاب **جنرل جیلانی** کے صاحبزادے میجر (ر) شوکت ایڈمنسٹریٹر چاند باغ سکول مرید کے' وزیر اوقاف (پنجاب) **سید سعید الحسن شاہ** سیکرٹری اوقاف (پنجاب) **سید رئیس عباس زیدی**' وزیر اعلیٰ پنجاب کے مشیر **اختر رسول**' سجادہ نشین دربار حضرت میاں میر مخدوم سید **چن پیر قادری**' سجادہ نشین دربار حضرت خانو ہارنی شریف **مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی**' **سید پرویز شاہ گیلانی** سانپوں والی سرکار بمعہ اپنے مریدین' **علامہ مشتاق حسین جعفری**' **حاجی نذیر احمد**' **ملک نعیم رضا** (ر) ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے' اداکار عاصم بخاری' سید اویس بخاری' سید ریاض علی شاہ' سیٹھ ندیم سعید' سیٹھ عامر سعید' سیٹھ نعیم احمد' معین الحق علوی' کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ' میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی' آصف سلیم (سابق ایم ڈی عیسپاک) کے علاوہ سینکڑوں علاقہ ہذا کے عقیدت مندوں نے اس محفل میں شرکت کی۔ چادر پوشی کے بعد بوقت دعا شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی نعت رسول مقبول سے حاضرین کے دِلوں کو مسرور کیا۔ خطیب دربار حضرت میاں میر مفتی اقبال نے تمام انبیاءؑ' اولیاء کرامؒ صاحب مزار اور خصوصاً حاضرین کے گزشتگان کیلئے دعائیں کیں۔ بعد از ختم چادر پوشی مہمانوں کی تواضع لنگر سے کی گئی اور عام لنگر تقسیم کیا گیا اور نصف شب سے کچھ قبل تک محفل سماع سے حاضرین محظوظ ہوتے رہے۔ متولی درگاہ پیر سید الطاف حسین شاہ بخاری نے آئے ہوئے سبھی مہمانوں کی آمد کا شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی کے ہمراہ شکریہ ادا کیا اور یوں یہ روحانی محفل اپنے اختتام کو پہنچی۔ **چشم نگاہ بیان: شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی**

## حمد باری تعالیٰ

# خدائے لم یزل

خدائے لَم یَزَل دُنیا کا تو مالک ہے خالق ہے
تو ہے معبودِ واحد اور تو دُنیا کا رازق ہے
ترے ارشادِ پُر حکومت میں وہ قدرت خدایا ہے
کہ صرف اک حرفِ کُن سے ہی وجودِ ملکِ دُنیا ہے
تیرا مسکن نہیں کوئی خدائے لا مکاں تو ہے
نہ ہو جس کا کنارہ ایک بحرِ بے کراں تو ہے
تری ذاتِ حقیقی کو سمجھ سکتا نہیں انساں
کہ وہ اک قطرۂ آبی مگر تو بحرِ بے پایاں
خداوندا تری صنعت کا کس نے راز پایا ہے
فلک کا بے ستوں خیمہ عجب تو نے لگایا ہے
ہیں تابندہ ترے ہی نور سے سب چرخ کے تارے
ترے جلوے سے مہر و مہ بنے ہیں نور کے پیارے
شجر میں غنچہ و گل میں جھلک تیری ہی پیدا ہے
ترا نورِ حقیقی ذرے ذرے سے ہویدا ہے
جسے چاہے تو عزت دے جسے چاہے تو ذلت دے
گدا کو شہ، گداشہ کو بنائے اپنی قدرت سے
تیرا ابرِ کرم ہر دوست اور دشمن پہ یکساں ہے
جہاں میں عاصی و عاصم پہ تیرا عام احساں ہے
ترے لطف و کرم کے سائے میں الیاس رہتا ہے
لگائے زخم جو دُنیا، وہ خاموشی سے سہتا ہے

## نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

# جنت کو بھلائے بیٹھے ہیں

ہم جب سے طیبہ آئے ہیں، جنت کو بھلائے بیٹھے ہیں
دہلیز نبیؐ کو چوم کر ہر رفعت کو بھلائے بیٹھے ہیں
دیکھو تو سگانِ کوئے نبیؐ ہر ایک نظر ہے ان پہ جمی
شان ان کی دیکھ کے اہلِ حشم، شوکت کو بھلائے بیٹھے ہیں
جو دیوانے سرکارؐ کے ہیں، کرتے ہیں برابر ذکرِ نبیؐ
ہر ایک کے پیار محبت کو، چاہت کو بھلائے بیٹھے ہیں
شاہانِ جہاں آتے ہیں یہاں، دیتے ہیں صدا، مانندِ گدا
وہ تاج و تخت و مسند کی وقعت کو بھلائے بیٹھے ہیں
آقاؐ پہ درودوں کی بارش کرتے ہیں ملائک اور انساں
مشغول انہی کی یاد میں ہیں، غفلت کو بھلائے بیٹھے ہیں
کیوں ہم پہ نہ رحمتِ آقاؐ ہو گر طاعت انکی دِل سے کریں
پر حیف ہے ہم ناداں اس کی سیرت کو بھلائے بیٹھے ہیں
حق دار سے حق لے لیتے ہیں، بے بس پہ ستم ہم کرتے ہیں
محشر سے ہیں غافل قادر کی، قدرت کو، بھلائے بیٹھے ہیں
الیاسؔ ترا اللہ مالک، اور اس کا نبیؐ تیرا حامی
آزردہ نہ ہو ان سے جو تری قیمت کو بھلائے بیٹھے ہیں

نذرانہ عقیدت: چیف جسٹس محمد الیاس

کے صفحہ نمبر 14,13,12 پر ملاحظہ کیجئے۔

| ٧٨٦ | | |
|---|---|---|
| ٦٨٨ | ٣٩٠٧ | ١٤٦٤ |
| ٢٤٤٠ | یہاں مقصد لکھیں | ٣٤١٩ |
| ٢٩٣١ | ١٩٥٢ | ٩٧٦ |

## تربیع مریخ مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 18 جون صفر بجکر 22 منٹ، مکمل نظر 19 جون 12 بجکر 40 منٹ، خاتمہ نظر 21 جون ایک بجکر 11 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کو عذاب الٰہی میں مبتلا، پریشان کرنے کے لئے سورۃ لیل کا خالی البطن نقش ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں اہل قبور کو سلام، فاتحہ و دعا کر کے دفن کریں۔

| ٧٨٦ | | |
|---|---|---|
| ٦٨٨ | ٣٩٠٧ | ١٤٦٤ |
| ٢٤٤٠ | یہاں مقصد لکھیں | ٣٤١٩ |
| ٢٩٣١ | ١٩٥٢ | ٩٧٦ |

## تربیع مشتری زحل

اس نحس وقت کی ابتداء 16 جون 15 بجکر 18 منٹ، مکمل نظر 22 جون 23 بجکر 46 منٹ، خاتمہ نظر 29 جون 23 بجکر 19 منٹ پر ہوگا۔ کسی دشمن بد بخت کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لئے سورۃ لہب کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں ناجائز ہرگز ہرگز نہ کریں ورنہ سخت رجعت کا اندیشہ ہے۔

| ٧٨٦ | | |
|---|---|---|
| ٤٨٥ | ٢٨٨٦ | ١٤٥٥ |
| ٢٤٢٥ | یہاں مقصد لکھیں | ٣٤٠١ |
| ٢٩١٦ | ١٩٤٠ | ٩٧٠ |

## تثلیث شمس مشتری

اس سعد وقت کی ابتداء 30 جون 3 بجکر 39 منٹ، مکمل نظر یکم جولائی 4 بجکر 21 منٹ، خاتمہ نظر 2 جولائی 5 بجکر 9 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی ہر قسم حل المشکلات، حصول دولت و انعامات کے لئے سورۃ مزمل کا خالی البطن نقش ساعت شمس میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

| ٧٨٦ | | |
|---|---|---|
| ٥٧٣٠ | ٤٥٨٤٦ | ١٧١٩٠ |
| ٢٨٦٥٠ | یہاں مقصد لکھیں | ٤٠١١٦ |
| ٣٤٣٨٦ | ٢٣٩٢٠ | ١١٤٦٠ |

## بقیہ: زحل مریخ کا اتصال

**بھی نہیں کر سکتے۔ زحل، مریخ در نیپچون میں مقابلہ عالمی حالات کے لئے بہت اہم ثابت ہو سکتا ہے۔ چھٹے، ساتویں اور آٹھویں گھروں پر نحس سیاروں کا قبضہ عالمی حالات کو خراب کر سکتا ہے۔ شمس کا زحل و مریخ سے برج سرطان میں اتصال دُنیا کو مالی وسائل میں الجھا سکتا ہے۔ جمہوریت اور عسکریت دونوں میں تصادم کا قوی امکان ہے کیونکہ زائچے میں زحل و مریخ میں تصادم موجود ہے اس لئے امن عالم کو نقصان پہنچنے کا قوی امکان ہے اقوام عالم باہمی الجھاؤ میں بھی مبتلا نظر آتی ہیں۔**

سیارے ایک عجیب اور ہولناک منظر پیش کر سکتے ہیں۔ زیر نظر زائچہ نہایت مخدوش حالات ظاہر کرتا ہے۔ سیارے امنِ عالم کو خراب کر سکتے ہیں ان برے حالات سے متاثر عالم گیر اثرات نظر آتے ہیں۔ زائچے میں مشتری کا کردار اِس خرابی کو دور کر سکتا ہے۔ دعا کریں اللہ تعالیٰ سیاروں کی نحوست سے دُنیا کو محفوظ رکھے۔ زحل مریخ 47ء کے اِتصال کو سامنے رکھنا ہوگا جن کے باعث پنجاب تقسیم ہوا تھا کیا اب مزید تقسیم ہوگا یا پہلی (موجودہ) تقسیم ختم ہو جائیگی۔ دیکھئے اس بارے میں ہمارے بھائی کیا کہتے ہیں۔

نوٹ: ہمیں قومی اُمید ہے ہمارے سیارہ شناس بھائی اپنے اپنے خیالات سے دُنیا کو ضرور آگاہ کریں گے تاکہ ہماری ماخوذ سوچ کا ازالہ ہو سکے۔

**نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ عمل تیار نہ کر سکیں وہ عامل شاہ زنجانی سے رجوع کریں**

# ساعات کی ترتیب آپکے شہر کیطلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

| شمار | پہلی | | | | | | دوسری | | | | | | تیسری | | | | | | | | | چوتھی | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| اتوار | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد |
| پیر | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |
| منگل | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ |
| بدھ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل |
| جمعرات | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس |
| جمعہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
| ہفتہ | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |

## تربیع زہرہ زحل

اس نحس وقت کی ابتداء 4 جون 3 بجکر 52 منٹ مکمل نظر 5 جون 2 بجکر 8 منٹ' خاتمہ نظر 6 جون صفر بجکر 24 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین مخالفین میں فتنہ وفساد' ناجائز تعلقات کے خاتمہ کے لئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر اہل قبور کو سلام و فاتحہ کرکے احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| | ۷۸۶ | |
| ۲۱۲۱۳۶ | ۵۶۵۶۹۸ | ۷۰۷۱۲ |
| ۴۹۴۹۸۶ | یہاں مقصد لکھیں | ۳۵۳۵۶۰ |
| ۱۴۱۴۲۴ | ۲۸۲۸۴۸ | ۴۲۴۲۷۴ |

## مقابلہ زہرہ مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 6 جون 16 بجکر 17 منٹ' مکمل نظر 7 جون 11 بجکر 23 منٹ خاتمہ نظر 8 جون 6 بجکر 30 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز عشق والفت میں نفاق پیدا کرنے کیلئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں ہی ویران درخت یا قبرستان کے کسی درخت سے اہل قبور کو سلام وفاتحہ ودعا کرکے لٹکادیں۔ قرآنی اعجاز پائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | ۷۸۶ | |
| ۲۱۲۱۳۶ | ۵۶۵۶۹۸ | ۷۰۷۱۲ |
| ۴۹۴۹۸۶ | یہاں مقصد لکھیں | ۳۵۳۵۶۰ |
| ۱۴۱۴۲۴ | ۲۸۲۸۴۸ | ۴۲۴۲۷۴ |

## تثلیث عطارد زہرہ

اس سعد وقت کی ابتداء 9 جون 2 بجکر 4 منٹ مکمل نظر 9 جون 16 بجکر 49 منٹ' خاتمہ نظر 10 جون 7 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات' ترقی خیروبرکت ہر قسم کیلئے سورۃ یٰسین کا خالی البطن نقش ساعت عطارد میں لکھ کر باپرہیز گلے میں پہنیں نیکی پائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | ۷۸۶ | |
| ۵۵۳۵۰ | ۱۴۷۶۱۰ | ۱۸۴۵۰ |
| ۱۲۸۱۶۰ | یہاں مقصد لکھیں | ۹۲۲۵۰ |
| ۳۶۹۰۰ | ۷۳۸۰۰ | ۱۱۰۷۱۰ |

## قران مریخ زحل

یہ اس ماہ' اس سال کی سب سے نحس وخراب نظر ہے۔ اس کی ابتداء 16 جون 11 بجکر 16 منٹ' مکمل نظر 18 جون 11 بجکر 4 منٹ خاتمہ نظر 20 جون 10 بجکر 57 منٹ پر ہوگا۔ ایسا نحس وقت اگرچہ ہر 18 ماہ کے بعد آتا ہے۔ مگر یہ نحس اکبر وقت خصوصاً ½29 سال کے بعد آتا ہے۔ کسی بھی جائز مقصد کے لئے جو آپ کے نزدیک جائز ہو اور اینٹ کا جواب پتھر سے دینا ممکن ہو آپ دشمنوں پر غلبہ' ان میں نفاق' انہیں زیروذلیل کرنے' سورۃ فیل' سورۃ لہب' سورۃ کوثر' سورۃ مائدہ غرض گزشتہ شمارے میں دیئے گئے ایسے نحس درجنوں اعمال ساعت زحل یا مریخ میں بجالا کر ان پر عمل کرسکتے ہیں۔ یہاں پر صرف سورۃ فیل کا نقش دیا جارہا ہے۔ دیگر نحس اعمال اسی شمارہ

# فتح نامہ

## سات سلام کیوں؟

(از تحقیق: قیصر احمد بی۔اے (کراچی))

معزز قارئین کرام! احقر کو حکمت/عملیات و روحانیات پر تحقیق و جستجو کرتے ہوئے 35 سال ہو گئے ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے حکمت و عملیات پر کافی کامیابی حاصل کی ہے۔ برسہابرس سے سینکڑوں کتابوں' مختلف رسائل و مجموعہ اوراد و وظائف میں یہ پڑھتا چلا آرہا ہوں کہ ''ہفت سلام'' (سات سلام) ہیں۔ میں نے جب قرآن مجید کا بہت ہی انہماک سے مطالعہ کیا تو مجھے ''ہشت سلام'' ملے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہم لوگ لکیر کے فقیر رہے اور دوسرے علماء و عاملین نقل در نقل ''ہفت سلام'' ہی لکھتے رہے۔ یعنی مکھی پر مکھی بٹھاتے گئے کسی کو یہ توفیق و ہمت نہ ہوئی کہ ہم تحقیق و جستجو کر کے دیکھیں کہ سلام کل کتنے ہیں؟ جس نے بھی لکھا ''ہفت سلام'' ہی لکھا۔ جبکہ قرآن مجید میں آٹھ سلام ''ہشت سلام'' کا ذکر ہے۔ آٹھ سلام قرآن مجید کی روشنی میں دلائل کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۝

(یٰسین آیت ۵۸ ومالی پارہ نمبر ۲۳ اعداد ۸۱۸)

(۲) سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ۝

(الصّٰفّٰت آیت ۷۹ ومالی پارہ نمبر ۲۳۔ اعداد ۲۲۸)

(۳) سَلٰمٌ عَلٰىٓ اِبْراهيم۝

(الصّٰفّٰت آیت نمبر ۱۰۹ ومالی پارہ ۲۳' اعداد ۵۰۱)

(۴) سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى و هٰرُوْنَ

(سورۃ الصّٰفّٰت آیت ۱۲۰ ومالی پارہ ۲۳ اعداد ۷۲۷)

(۵) سَلٰمٌ عَلٰىٓ ال یاسین۝

(سورۃ الصّٰفّٰت ایت ۱۳۰ ومالی پارہ ۲۳ اعداد ۴۰۴)

(۶) سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ۝

(سورۃ الصفت آیت ۱۸۱ ومالی پارہ ۲۳' اعداد ۲۶۲)

(۷) سَلٰمٌ علیکم طبتم فادخلوها خلدین۝

(سورۃ المومن آیت ۷۳ فمن اظلم ۲۴ پارہ' اعداد ۲۱۷۴)

(۸) سَلٰمٌ هِىَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۝

(سورۃ القدر آیت ۵' عم ۳۰ پارہ' اعداد ۱۰۲۸)

کل اعداد: ۲۸۴۲

## نقش فتح نامہ

قولہ ۷۸۶ الحق

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٧١٠ | ١٧١٣ | ١٧١٦ | ١٧٠٣ |
| ١٧١٥ | ١٧٠٤ | ١٧٠٩ | ١٧١٤ |
| ١٧٠٥ | ١٧١٨ | ١٧١١ | ١٧٠٨ |
| ١٧١٢ | ١٧٠٧ | ١٧٠٦ | ١٧١٧ |

الملک ۷۸۶ ولہ

## ہشت سلام کے خواص و فوائد

جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو اور غیر معمولی حالات کا شکار ہوں تو بلا سوچے سمجھے تعویذ گنڈوں اور پیر فقیروں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے فی الفور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہئے اور اپنے اعمال کا جائزہ لینا چاہئے اور توبہ و استغفار کرنا چاہئے اور مندرجہ بالا ''فتح نامہ'' سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔ یہ فتح نامہ آٹھ سلاموں پر مشتمل ہے اور اس کے مندرجہ ذیل خواص و فوائد ہیں۔

(۱) اس نقش ''فتح نامہ'' کو جو بھی لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے گا وہ اپنے ہر مقصد میں کامیاب ہوگا اور اپنی ہر دلی مراد پوری پائیگا انشاءاللہ تعالیٰ مثلاً شادی بیاہ' روزی' ملازمت' تسخیر خلائق' عزت' وقار' ترقی مراتب' دشمن کو شکست فاش وغیرہ۔ (بقیہ صفحہ نمبر 38 پر دیکھیں)

# قران مریخ زحل

علامہ طالب حسین کرمانی

ان اعمال کو دیئے گئے وقت کے علاوہ قران مریخ زحل نظر کی ابتداء 16 جون 11 بجکر 16 منٹ تا 20 جون 10 بجکر 57 منٹ کے دوران بھی تیار کیا جاسکتا ہے

## بربادی و ہلاکی دشمن

اس تعویذ کو خشک نم کی قلم سے کالی سیاہی میں انگوزہ اور بوئے جھواں یعنی حلتیت اور مقل ارزق ملا کر ماہ چاند کے آخری منگل کی ساعت مریخ میں سفید کاغذ پر باوضو دو تعویذ لکھیں ایک تعویذ پرانی قبر میں دفن کریں۔ دوسرا تعویذ دشمن کو پلائیں انشاء اللہ دشمن جلدی ہلاک و برباد ہوگا۔ میں نے تعویذوں کو چار عناصر میں لکھا ہے آپ دشمن کے عنصر کے مطابق تعویذ استعمال کریں۔

### مربع آتشی

| | | | |
|---|---|---|---|
| واذا | بطشتم | بطشتم | جبارین |
| جبارین | بطشتم | بطشتم | واذا |
| بطشتم | واذا | جبارین | بطشتم |
| بطشتم | جبارین | واذا | بطشتم |

### مربع خاکی

| | | | |
|---|---|---|---|
| بطشتم | واذا | جبارین | بطشتم |
| بطشتم | جبارین | واذا | بطشتم |
| واذا | بطشتم | بطشتم | جبارین |
| جبارین | بطشتم | بطشتم | واذا |

### مربع بادی

| | | | |
|---|---|---|---|
| جبارین | جبارین | واذا | بطشتم |
| بطشتم | بطشتم | واذا | بطشتم |
| جبارین | بطشتم | بطشتم | بطشتم |
| واذا | بطشتم | بطشتم | جبارین |

### مربع آبی

| | | | |
|---|---|---|---|
| جبارین | بطشتم | بطشتم | واذا |
| واذا | بطشتم | بطشتم | جبارین |
| بطشتم | جبارین | واذا | بطشتم |
| بطشتم | واذا | جبارین | بطشتم |

## نقش ہلاکت و ویرانی دشمن

ان نقوش کو مہینے کے آخری یوم الثلاثہ ساعت مریخ میں باوضو کالی سیاسی میں کوگل اور ہینگ ملا کر منہ میں کوئی پاک کڑوی یا ترش چیز رکھ کر سفید قرطاس پر تحریر فرمائیں۔ ایک تعویذ پرانی قبر میں مدفون کریں اور ایک تعویذ دشمن کی رہائش گاہ میں مدفون کریں اگر ہو سکے تو ایک تعویذ دشمن کو پلائیں انشاء اللہ جلدی جدائی ہوگی تعویذ دشمن کے عناصر کے مطابق استعمال کریں۔

### نقش آتشی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ان | بطش | ربک | لشدید |
| لشدید | ربک | بطش | ان |
| بطش | ان | لشدید | ربک |
| ربک | لشدید | ان | بطش |

### نقش خاکی

| | | | |
|---|---|---|---|
| بطش | ان | لشدید | ربک |
| ربک | لشدید | ان | بطش |
| ان | بطش | ربک | لشدید |
| لشدید | ربک | بطش | ان |

## نقش بادی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ربک | لشدید | ان | بطش |
| بطش | ان | لشدید | ربک |
| لشدید | ربک | بطش | ان |
| ان | بطش | ربک | لشدید |

## نقش آبی

| | | | |
|---|---|---|---|
| لشدید | ربک | بطش | ان |
| ان | بطش | ربک | لشدید |
| ربک | لشدید | ان | بطش |
| بطش | ان | لشدید | ربک |

فلاں بن فلاں ھلاکت شود' برباد شود' ویران شود العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا الیوم الیوم الیوم

## دو تعویذ عداوت مجرب

ہبوط ماہ میں ہفتہ یا یوم الثلاثاء ان دونوں تعویذوں کو لکھ کر ان تعویذوں کے نیچے فریق کا نام مع والدہ لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں

انشاءاللہ جلدی جدائی ہوگی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| والقینا | بینھم | العدواۃ | والبغضاء |
| بینھم | العداوۃ | والبغضاء | الیٰ |
| العداوۃ | والبغضاء | الیٰ | یوم |
| والبغضاء | الیٰ | یوم | القیٰمۃ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یاقاھر | ذا البطش | الشدید | انت الذی |
| ذا البطش | الشدید | انت الذی | لا یطاق |
| الشدید | انت الذی | لا یطاق | انتقامہ |
| انت الذی | لا یطاق | انتقامہ | یا قاھر |

## نقش ھلاکت دشمن صدری

یہ تعویذ ہلاکت دشمن جائز کاموں میں استعمال کریں مثلاً کسی نے کسی کو ناجائز قتل کر دیا ہو یا ڈاکو لوٹ مار کر کے لڑکے لڑکیاں اغواء کر کے ان کا تاوان لیتے ہوں یہ تعویذ ماہ قمر کے آخری منگل کی ساعت مریخ میں منہ میں کڑوی چیز رکھ کر زنی کی قلم اور کالی سیاہی سے باوضو سفید کاغذ پر تین نقش لکھیں ایک تعویذ پرانی قبر میں دفن کریں دوسرا تعویذ دشمن کے مکان و رہائش میں دفن کریں تیسرا تعویذ دشمن کو کھلا پلا دیں انشاءاللہ دشمن جلدی ہلاک و برباد ہوگا۔

اللھم اغفر للمؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات والف بین قلوبھم واصلح ذات

وزلزل اللھم والزل بھم باسک الذی لا تردہ عن القوم المجرمین

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ل | م | غ | ض | و | ب |
| ل | م | غ | ض | و | ب | ع |
| م | غ | ض | و | ب | ع | ل |
| غ | ض | و | ب | ع | ل | ی |
| ض | و | ب | ع | ل | ی | ہ |
| و | ب | ع | ل | ی | ہ | م |

بینھم وانصرھم علی عدوھم اللھم العن الکفرۃ

[illegible]

یا قاھر ذالبطش الشدید انت الذی یا یطاق انتقامہ یاقاھر قھر خدا قھر بادشاہ بر فلاں ابن فلاں نازل گردد اور مقھور و یاقاھر یا قاھر

## یہ تعویذ پلانے کیلئے آتشی چال میں پر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہ | ر | ب | ت |
| ت | ب | ر | ہ |
| ر | ہ | ت | ب |
| ب | ت | ہ | ر |

اس نقش کے اردگرد مندرجہ ذیل عزیمت لکھیں۔

اللھم شتت مثلھم وفرق جمعھم و قلب تدبیرھم و خرب بینانھم وبدل احوالھم و قرب اجالھم وقطع ارزاقھم و اشغلھم بایدانھم وخزھم اخذ عزیز مقتدر فجعلنا علیھا سافلھا و امطرنا علیھم حجارۃ من سجیل فلاں بن فلاں ھلاک گردد یا جلیل یا جلیل یا جلیل o

## یہ تعویذ دشمن کے گھر میں دفن کریں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | ا | ر | ت | ل | ا |
| ر | ت | ا | ر | ت | ل |
| ت | ر | ت | ا | ر | ت |
| غ | ت | ر | ت | ا | ر |
| ب | غ | ت | ر | ت | ا |

اس نقش کے اردگرد مندرجہ ذیل آیت قرآنی لکھیں۔

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّ تَبَّ مَا اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ یَسْصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ وَّ امْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ یا ممیت یا خافض یا مقتدر بحق کل من علیھا فان والقینا بین فلاں بن فلاں ھلاک گردد o

## تعویذ دشمن کی ھلاکت و بربادی کیلئے

اس تعویذ کو منگل کے دن مریخ کی ساعت میں ایک کچی اینٹ پر لکھیں اس کو پرانے کنوئیں میں ڈال دیں اسی طرح بلاناغہ چالیس یوم کریں اس کے بعد دشمن ہلاک و برباد ہوگا۔

مندرجہ ذیل نقش کے اردگرد یہ آیت قرآنی لکھیں۔ ھو الذی اخرج الذین کفروا من اھل الکتب من دیارھم لاول الحشر ماظننتم ان یخرجو وظنوا انھم مانعتھم حصونھم من اللہ تا اولی الابصار قدموا نسوا ماذ کروا اخذناھم بغتۃ فاذا ھم مبلسون فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین فلاں بن فلاں ھلاک و برباد شود۔ (نقش یہ ھے)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله | عنه | ماغنیٰ | وتب | لهب | یدابی | تبت |
| ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله | عنه | ماغنیٰ | وتب | لهب | ید ابی |
| لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله | عنه | ماغنیٰ | وتب | لهب |
| وامراته | لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله | عنه | ماغنیٰ | وتب |
| حمالة | وامراته | لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله | عنه | ماغنیٰ |
| الحطب | حمالة | وامراته | لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله | عنه |
| فی جیدها | الحطب | حمالة | وامراته | لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب | ماله |
| حبل | فی جیدها | الحطب | حمالة | وامراته | لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ | وماکسب |
| من | حبل | فی جیدها | الحطب | حمالة | وامراته | لهب | ذات | نارا | سیصلیٰ |
| مسد | من | حبل | فی جیدها | الحطب | حمالة | وامراته | لهب | ذات | نارا |

# چہل 40 کاف

## جن' بھوت' آسیب' چڑیل' کالا جادو جملہ مصائب سے نجات کا عظیم ذریعہ

☆......از تحریر: میاں جاوید اقبال۔ بدوملہی (نارووال)

بزرگانِ دین و اسلاف کرام سے سینہ بہ سینہ چلی آنے والی یہ معجزہ نما عبارت 40 کاف پر مشتمل ہے۔ خواص و استاد چہل کاف کے مختلف بیانوں اور قلمی نسخوں میں مذکورہ آیات پائی گئی ہیں جن کے بے شمار فوائد درج شدہ ہیں جن کی تعداد ہزاروں کی تعداد میں ہے اکثر مشائخ قدیم بھوت چڑیل آسیب جادو ٹونہ اور سفلی عملیات کے خاتمہ پر متفق رہے ہیں اور تقریباً سب کے زیر استعمال رہی ہے اور اس کو انتہائی اکسیر اور مجرب بتایا گیا ہے لیکن افسوس اس کا نقش نہ بن سکا۔ چہل کاف مثل چہل اسم اعظم' اور وظیفہ حزب البحر کی مانند مشائخ قدیم و جدید سب کے معمولات میں سے ہے اور بالاتفاق سب کے نزدیک الہامی ہے اور منسوب ہے حضرت غوث الاعظم میراں محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کی طرف۔ عرصہ دراز سے اسکے متن میں ابہام پایا جاتا ہے صدیوں سے پائی جانیوالی اس عبارت کی زکوٰۃ ادا کر لینے سے ہزاروں کام اس سے لئے جاسکتے ہیں۔ آج آپ کی نظر' اس عبارت کا حقیقی متن اور اسکی تفسیر بمعہ اس کے فوائد اور چند مجرب نقش پیش کر رہا ہوں جو کہ آج تک اس سے پڑھ کر دم کرنے کی حد تک چلتا رہا ہے پہلی مرتبہ اس عبارت کا نقش اور انکا استعمال آپ کیلئے ایک بہت بڑا تحفہ ہے۔

**طریقہ ادائے زکوٰۃ صغیر**: طریقہ اول ادائے زکوٰۃ صغیر ہے نماز مغرب کے بعد روزانہ بلاناغہ 41 بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ ورد کریں۔ جادو ٹونہ' جنات و آسیب کے شر سے محفوظ ہونگے بلکہ تمام گھر محفوظ ہو جائے گا۔ جنات وغیرہ اُس ورد شدہ جگہ سے کافی دور ہو جائیں گے۔ بلکہ مداومت کرنے سے جنات مطیع ہوسکتے ہیں ایسی صورت میں با پرہیز چلہ میں بیٹھ کر عمل کرنا پڑے گا اور تا حصول مقصد کوئی آواز کان میں نہ پڑے۔

**طریقہ ادائے زکوٰۃ کبیر**: زکوٰۃ کبیر کا طریقہ تھوڑا مشکل ہے لیکن اس زکوٰۃ کے ادا کر لینے سے ایک گوہر حیات ہاتھ آجاتا ہے پھر ساری عمر کسی اور عمل کی تشنگی نہ رہے گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ 2 عدد نقش چہل کاف مربع آتشی چال سے مشک و زعفران خالص کے ساتھ لکھیں اور ایک نقش اپنے داہنے بازو کے ساتھ باندھ لیں دوسرا پڑھنے کے دوران اپنے سامنے رکھیں۔ سب سے پہلے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں کہ دوران پڑھائی کسی قسم کی آواز آپ کے کانوں تک نہ پہنچ سکے وگرنہ عمل باطل ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ نوچندی جمعرات کے روز' روزہ رکھیں اور غسل کر کے نئے پاک و صاف کپڑے پہنیں اور خوشبو سے معطر کریں ایسی خوشبو کا انتخاب کریں کہ جس سے جنات وغیرہ رغبت رکھتے ہوں مثلاً عود' اگر اور حجر اسود وغیرہ اور جس جگہ یا کمرہ میں پڑھنے کا ارادہ ہو اس کو اچھی طرح دھو کر پاک و صاف کریں۔ شب جمعہ کو نماز عشاء کے بعد تازہ وضو کر کے دوگانہ تحیۃ الوضو ادا کریں سلام کے بعد کامیابی وظیفہ کیلئے دعا کریں اور پھر چہل کاف پڑھنا شروع کریں۔ جگہ اور وقت تعین ایک ہی ہو۔ گوشت سے اور جماع سے سخت پرہیز ضروری امر ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک ادا کریں۔ چالیس یوم 152 مرتبہ پڑھنا ہے۔ جبکہ اکتالیسویں دن اس کی تعداد 176 پڑھنی ہوگی یعنی کہ 41 یوم میں 6256 کی تعداد 3 چلہ میں پڑھنی پڑے گی کیونکہ وقت سے پرہیز زیادہ ضروری ہے۔ کوشش کی جائے کہ 41 یوم میں اس کی تعداد کو مکمل کیا جائے۔ زکوٰۃ کبیر کیلئے حضرت شاہ زنجانی صاحب سے باقاعدہ اجازت لیں وگرنہ رجعت تو دور کی بات ہے اس میں جان جانے کا بھی اندیشہ ہوسکتا ہے۔ 41 دن بعد اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ مداومت کے طور پر 7 مرتبہ روزانہ اس کو پڑھیں انشاء اللہ عمل ہاتھ میں رہے گا اور دُنیا آپ کے آگے پیچھے ہوگی کیونکہ یہ عمل ایک مکمل بستہ ہے جس میں دُنیا کا ہر کام لیا جاسکتا ہے۔

## چہل کاف

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةً
كِفْكَافُهَا كَكَمِينٍ كَانَ مِنْ لُكَكَ ۝

اے میرے دِل! تیرا رب پہلے بھی کئی دفعہ تجھے سخت سخت مصائب سے کفایت کرتا رہا ہے۔ اب بھی تجھے ایسی ایسی مصیبتوں سے کفایت کرے گا۔ جن کی بازگشت یعنی (واپسی) یا ایستادگی یعنی (رکے رہنا) بھاری لشکر کے گھات لگانے کی مانند ہے۔ یعنی ان مصائب کا پسپا ہونا ان

کے دوبارہ حملہ کرنے کی آمادگی پر مبنی ہے۔ جیسے ایک بڑا بھاری لشکر اس خیال سے اپنے مقابل سے منہ موڑ کر اپنی پسپائی ظاہر کرے کہ مقابل کو دھوکہ دے کر غفلت میں ڈال کر شدت کا حملہ کر کے اسکی بیخ کنی کر دے یا ان مصائب کا رُکنا گویا ایک عظیم الشان لشکرے کا اس خیال سے گھات لگانا اور دبک کر بیٹھے رہنا کہ موقع پاتے ہی جھٹ پٹ نکل کر اپنے مقابل کا استحصال کر دے۔

**تَکُرُّ کَرًّا کَکَرِّ الْکَرِّ فِیْ کَبَدِیْ تَحْکِیْ مُشَکْشِکَۃً کَلُکْلُکِ لُکَکٍ ۝**

وہ مصیبتیں ایسا سخت اور مضبوط حملہ کرتی ہیں جو اپنی مضبوطی اور یکجان ہوئے ہیں۔ ایک بڑی موٹی رسی کی لڑیوں کی مضبوطی اور ان کے یکجان ہونے کی مانند ہیں اور وہ مصیبتیں اپنی تندی و تیزی، دلیری اور سختی میں ایک ایسے بھاری مسلح نیزہ زن لشکر کی مانند ہیں جو اپنی جسارت طاقت اور یکجان ہوئے ہیں ایک فربہ جوان اور سخت گوشت اونٹ کی مانند ہیں۔

**کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافِ کُرْبَتَہٗ یَا کَوْکَبًا کَانَ یَحْکِیْ کَوْکَبَ الْفَلَکِ ۝**

اے میرے دل! جسے میں ستارہ تصور کرتا ہوں اور جو آسمانی ستارہ کے ہم پلہ ہے۔ خداتعالیٰ نے تجھے ان تمام مصائب سے کفایت کی جو مجھ پر نازل ہوئی ہیں یا خداتعالیٰ نے تجھے ان تمام مصائب سے کفایت کی جو مجھ پر نازل ہوئی ہیں یا خداتعالیٰ ان تمام مصائب سے نجات دے اور کفایت کرے جو تجھ پر آئندہ نازل ہوں کفایت کرنے والے خدا نے تجھے تیرے رنج و تکلیف سے کفایت کی یا کرے۔ نقش مربع آتشی چہل کاف یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۶۳ | ۱۵۶۷ | ۱۵۷۰ | ۱۵۵۶ |
| ۱۵۶۹ | ۱۵۵۷ | ۱۵۶۲ | ۱۵۶۸ |
| ۱۵۵۸ | ۱۵۷۲ | ۱۵۶۵ | ۱۵۶۱ |
| ۱۵۶۶ | ۱۵۶۰ | ۱۵۵۹ | ۱۵۷۱ |

## خواص چہل کاف

(۱) کوئی شخص ناحق کسی کو ستاتا ہو تو مظلوم اس کو سات مرتبہ تیل سرسوں پر دم کرے اور وہ تیل داڑھی یا سر پر لگائے انشاء اللہ دشمن کے شر سے محفوظ ہوگا۔(۲) دردسر کیلئے ماہ صفر کے آخری چہار شنبہ کو اس کا نقش فوری درد سے نجات دلاتا ہے۔(۳) زیادتی بصارت کیلئے شب جمعہ میں گلاب کے عرق پر سات مرتبہ دم کرے اور اس سے آنکھوں کو دھوئے انشاء اللہ بینائی تیز ہوگی۔(۴) اگر کسی کی داڑھ میں درد ہو یا گردن میں درد ہو تو نقش لکھ کر گردن سے ذرا نیچے باندھیں انشاء اللہ فوری آرام ہوگا۔(۵) درد ہفت اندام کیلئے ہرن کی کھال یا جھلی پر لکھ کر نقش کو بازو پر باندھے (۶) درد شکم کیلئے نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے فوری درد سے نجات حاصل ہوگی۔(۷) بواسیر کیلئے بلی کی کھال پر لکھ کر کمر میں باندھیں۔ بواسیر خونی ہو یا بادی فوری نجات ملے گی۔(۸) درد سینہ، نمونیہ کیلئے ظرف چینی پر لکھ کر نہار منہ پیئے۔(۹) اگر کسی شخص کو قتل یا پھانسی کیلئے لے جا رہے ہوں اس کے سر میں یا ٹوپی میں لکھ کر باندھ دیں قتل سے محفوظ ہوگا اگرچہ شیر کے سامنے ہی کیوں نہ ڈال دیں۔(۱۰) دشمن سے محفوظ رہنے کیلئے دوشنبہ کی رات کو پرانے قبرستان میں بیٹھ کر 40 مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔(۱۱) قیدی کی رہائی کیلئے کسی روئی پر لکھ کر مسلسل 7 یوم تک کسی فقیر کو کھلائی جائے تو قیدی رہائی پائے گا۔(۱۲) عقیمہ (بانجھ) عورت کیلئے غسل حیض کے بعد مسلسل 7 یوم 3 ماہ تک پلائے جانے پر فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔(۱۳) برائے تسخیر محبوب کے نام کے ساتھ نئے کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھے محبوب پر محبت غالب ہوگی۔(۱۴) اگر مطلوب کو حاضر کرنا ہو تو کبوتر کے خون سے لکھ کر محبوب کا نام لکھ کر ایک درخت سے لٹکائے دوسرا گلے میں پہن لے محبوب حاضر ہو کر محبت کا دم بھرے گا۔(۱۵) اگر کسی کے گھر میں کسی کی کسی سے عداوت پیدا کرنی ہو (اگر شرعاً جائز ہو) تو کریں ورنہ نہ کریں کہ اس سے گناہ عظیم ہے۔ نمک پر سات مرتبہ دم کر کے اس گھر میں پھینک دیں۔(۱۶) تسخیر خلق کیلئے روزانہ 7 مرتبہ روزانہ پڑھنے شیر مانوس ہو جاتے ہیں۔(۱۷) درازی عمر کیلئے سات سات دن کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر کنگھے پر دم کر کے داڑھی میں کنگھا پھیرے۔(۱۸) غائب کو حاضر کرنے کیلئے شب جمعہ کی رات خالی مکان میں بیٹھ کر 40 مرتبہ پڑھائی کرے غائب حاضر ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰۸۶ | ۲۰۸۸ | ۲۰۸۲ |
| ۲۰۸۱ | ۲۰۸۵ | ۲۰۹۰ |
| ۲۰۸۹ | ۲۰۸۳ | ۲۰۸۴ |

درج بالا نقش مثلث آبی چال سے درج شدہ ہے باقی کام کے لحاظ سے چال میں لکھ کر عمل میں لائیں۔

(۲۰) ہر قسم کی درد کیلئے 41 مرتبہ تیل زیتون پر دم کر کے دیں فوری درد سے نجات ہوگی یہ تیل جادو کی تاثیر رکھتا ہے۔

(۲۱) چڑیل' جن' آسیب اور کالا جادو کے اثرات کیلئے ایک عدد نقش مشک و زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ دوسرا تیل سرسوں میں ڈال کر سر پر لگائیں اور کانوں کے پیچھے لگائیں۔

(۲۲) سوکڑا کے مرض میں مبتلا بچے کو آب زم زم پر سات مرتبہ دم کر کے 41 دن تک پلائیں انشاءاللہ 41 دن میں بچہ گلاب کے پھول کی مانند ہوگا۔

(۲۳) تنگدستی دور اور دیگر مصائب سے چھٹکارہ کیلئے۔ روزانہ بعد از نماز فجر 30 مرتبہ پڑھنے سے تنگدستی دور ہوگی اور مصائب سے چھٹکارہ ملے گا۔

(۲۴) رزق میں اضافہ کیلئے روزانہ بعد از نماز فجر صرف ایک مرتبہ پڑھیں

(۲۵) شوہر کو مہربان کرنے کیلئے چینی پر 99 مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں انشاءاللہ شوہر مہربان ہوگا۔

(۲۶) لا علاج امراض کیلئے مشک و زعفران سے پلیٹ چینی پر لکھ کر 41 یوم تک مریض کو پلائیں۔

اس عمل کے ہزاروں فوائد ہیں اگر ان کی تفصیل لکھنے بیٹھوں تو ایک ضخیم کتاب بن جائے گی۔ قارئیں اس روحانی تحفہ سے فیضیاب ہو کر حضرت شاہ زنجانی اور مجھ حقیر فقیر کیلئے ضرور دعا گوہوں۔

## عمل حاضرات بذریعہ چہل کاف

حاضرات کا یہ یقینی عمل ہے جس میں حاضرات فوراً کھل جاتی ہیں اس عمل کیلئے پرہیز جمالی ضروری ہے اور صرف 21 دن میں حاضرات کھل جاتی ہیں یہ عمل اس ماہ میں کیا جائے جس میں 21 دنوں کے دوران قمر در عقرب نہ آئے اور نوچندی جمعرات کو شروع کرے دوران عمل حصار کر کے یہ عمل کریں بعد عمل بچوں میں مٹھائی تقسیم کرے۔

**طریقہ عمل**: 21 یوم تک سب سے پہلے 99 بار چہل کاف پڑھیں پھر بعد میں 313 مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم آیت الکرسی وج
قرآن آگے پیچھے تو رحمان لا الہ کا کوٹ الا
اللہ کی دھائی۔ حاضر شو حاضر شو حاضر شو
بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح۔

**طریقہ حاضرات**: جب بھی حاضرات کرنا ہو تو کسی بچی کو آنکھیں بند کر کے بٹھائیں بچہ کو نہ بٹھائیں بچی پر 707 بار درج بالا عمل پڑھ کر دم کریں فوراً ایک بزرگ حاضر ہونگے ان سے کسی بیماری' سحر' جادو یا کسی قسم کے سوال یا مشکل بات کو معلوم کرنا ہو تو کر سکتے ہیں اس عمل کو باقاعدہ اجازت لے کر کریں ورنہ کامیابی نہیں مل سکتی۔

## بقیہ: عالمی پیشگوئیاں

ہوگا۔ اندرون ممالک نئی صنعتیں لگنے سے ایکسپورٹ اور شرح روزگار میں اضافہ ہوگا۔ نئی تجارتی پالیسیوں سے ان ممالک کی آپسی تجارت بڑھے گی۔

**فار ایسٹ** جاپان' تائیوان' ہانگ کانگ' ملائیشیا کی مارکیٹوں میں تیزی اور مقابلے کا رجحان رہیگا۔ تاہم اس کے باوجود فار ایسٹ ممالک میں سٹاک مارکیٹوں میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہیگا۔ عالمی مارکیٹ میں پٹرول' سونے کی قیمتیں بڑھنے سے شرح تجارت ایکسپورٹ کا توازن بگڑ سکتا ہے۔ چین کی مصنوعات کی عالمی مارکیٹ میں مانگ میں بدستور اضافہ ہوگا۔

**یورپی ممالک** یورپی میڈیا اور عوام امریکہ کی جانب سے تیسری عالمگیر جنگ کے خدشات کے پیش نظر امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک کے خلاف مظاہرے کریں گے امیگریشن قوانین میں سختی کے سبب بعض تارکین وطن متاثر ہونگے اور وبائی امراض کے اچانک بڑھنے سے تشویش کی لہر دوڑے گی۔ تخریب کاری' حادثات سے جانی' مالی نقصانات کا اندیشہ ہے۔

**امریکہ و کینیڈا** ہر دو ممالک میں صدر بش کے جنگی جنون کے خلاف مظاہرے' الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں تبصرے' بحث و مباحثے جاری رہیں۔ امیگریشن قوانین سے متاثر ہونے والے اور نئے بنائے گئے قوانین کے خلاف مظاہرے ہوں' فضائی اور ٹریفک حادثات سے جانی' مالی نقصان' زلزلے' سمندری طوفان آنے کا اندیشہ ہے۔ حکومت کینیڈا اپنے عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور تعمیر وطن' خوشحالی کیلئے کئی ایک نئے منصوبے متعارف کرائے گی۔ سٹاک مارکیٹوں میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہیگا۔

# سپر چوئل ہیلنگ انرجی

## روحانی شفا بخشی کی طاقت

تحریر: حکیم غلام سرور شباب۔ حویلی لکھا

**سپر چوئل ہیلنگ انرجی کیا ہے؟**: روز ازل سے غور و فکر کرنے والے ابن آدم کو اس سوال نے صدیوں تک متعدد مرتبہ حیران و پریشان کیا کہ جاندار کس انرجی کے ذریعے متحرک ہیں۔ جاندار اور بے جان کے درمیان فرق کیوں ہے؟ کیا کسی نیچرل انرجی کو معلوم کیا جا سکتا ہے کہ ادویات کے مضر صحت اثرات سے نجات مل سکے۔ پیرانارمل (ماورائی) سائنسز میں اسے شفائی انرجی کہا جاتا ہے۔ سپر چوئل (روحانی) سائنسز میں ایسی کئی انرجیاں ماہرین نے دریافت کی ہیں اور ان کو مختلف نام دیئے ہیں۔ مثلاً سپر چوئل ہیلنگ انرجی' ریکی انرجی' ٹرائی اینگل انرجی' سرکل انرجی وغیرہ سپر چوئل ہیلنگ انرجی ہی وہ انرجی ہے جس کی مدد سے روزانہ لاکھوں' کروڑوں بیمار شفایاب ہوتے ہیں۔

خلیہ کیوں بنتا ہے اور جب بنتا ہے تو کس انرجی کے ذریعے بنتا ہے؟ زندگی کیا ہے اور زندگی کی توانائی کیا اور کون سی ہے؟ ہم بیمار کیوں ہوتے ہیں اور جب بیمار ہو جاتے ہیں تو کبھی کبھی بغیر میڈیسن کھائے کیوں تندرست ہو جاتے ہیں؟ میڈیکل سائنس کی ترقی سے پہلے بیماریاں کم کیوں تھیں اور علاج کے عام طریقوں سے انسان جلدی کیوں تندرست ہو جاتا تھا یا کوئی طریقہ علاج استعمال کئے بغیر بھی بیماری کچھ عرصہ خود بخود کیوں ٹھیک ہو جاتی تھی؟ کیا میڈیکل کی میڈیسن ہماری قوت حیات کو کمزور تو نہیں کرتی؟ ان تمام سوالات کے جوابات پیرانارمل سائنس ہی دے سکتی ہے۔ سپرٹ انرجی خلیہ کو شکل اور تازگی دیتی ہے۔ خلیہ کے لئے تمام ضروری مواد فراہم کرتی ہے اور اضافی مواد کو ختم کر دیتی ہے۔ اگر مواد میں کمی و بیشی ہو تو اس کو بھی پورا کرتی ہے اور خلیہ اس قابل بن جاتا ہے کہ وہ نشوونما پا سکے۔

انسان ہزاروں سال سے سپر چوئل پاورز کی تلاش میں رہا ہے جس نے اسے تھوڑا بہت سمجھا بھی ہے اور حاصل بھی کیا ہے اور جتنا جانا ہے اس کے مطابق کم از کم ایک درجن کے قریب اس کے مختلف نام رکھے ہیں مثلاً بایو انرجی' بایو کاسمک فورس' لائف فورس' پرانا یام' میکنل فورس' ذہنی قوت' کائناتی قوت' بایو پلازمک فورس' میگنیٹک فورس' روحانی طاقت' چکراز' پیرانارمل فورس' مانا' این ریز' وائٹل فورس' کنڈالنی شکتی' چی پاورز' پیناسس' ٹیلی پیتھی' ایتھریک قوت اور ہمزاد وغیرہ ایسے اور بھی بے شمار نام ہیں۔ زیادہ تر مادی لوگ انسان کو بالکل خالی سمجھتے ہیں ان کے نزدیک انسان میں کوئی صلاحیت موجود نہیں ہے۔ سوائے مادی ریشوں کے اور بس۔

**ازل سے انسان ایک مافوق الفطرت قوت کی تلاش میں سرگرداں ہے**

انسان روز ازل سے اب تک ایک برتر قوت کا عقیدت مند رہا ہے اور اس برتر قوت کی تلاش میں تھکا دینے والی ریاضتیں بھی کیں اور گوشہ نشین ہو کر چلہ کشی بھی کی اور نہ جانے کیا کیا مشقیں کی ہیں۔ اس برتر قوت کی خاطر قسم قسم کے عقائد وجود میں آئے۔ برتر قوت کو ہر عقیدت مند الگ الگ تصور سے دیکھتا ہے۔ ہر مذہب کے پیروکار خدا کے بتائے پیغامات' احکامات' الہامات' معجزات اپنے طور طریقے سے دیکھتے ہیں اور دوسرے مذہب کے پیروکار غلط ٹھہراتے ہیں کہ خدا نے ایسے نہیں بتایا ہے۔ دوسرے کہتے ہیں ایسا بتایا ہے۔ دوسری طرف اس طرح کی باتوں نے انسان کے درمیان نفرتیں' حسد' تنگ نظری' غرور اور خود غرضی کی دیواریں کھڑی کر دی ہیں۔ دُنیا میں انیس بڑے مذاہب کی تقریباً ایک لاکھ شاخیں یعنی فرقے بن رہے ہیں۔ یہ فرقے ایک دوسرے کے خلاف بھی ہیں۔ ظاہر ہے کہ فرقہ بنانے کی ضرورت اُس وقت پڑتی ہے جب ذہن میں یہ سوال پیدا ہو جائے کہ ہمارا یہ کردار' سلوک وغیرہ مذہب کے بارے میں درست نہیں ہے یا خدا نے ایسا نہیں فرمایا ہوگا یا خدا کے فرمان اور ہیں اور ہم کچھ اور سمجھتے ہیں کچھ فرقے سائنسی علوم کو بھی گمراہی سمجھتے ہیں جبکہ سائنس کی اچھی اور مفید ایجادات کو خوب استعمال بھی کرتے ہیں۔ سائنس بھی اس کائنات میں موجود چیزوں سے بحث کرتی ہے۔ یعنی ان چیزوں سے بحث کرتی ہے جو برتر قوت (خدا) نے بنائی ہیں۔ تو اگر ہم خدا کی بنائی ہوئی چیزوں سے بحث کرتے ہیں تو پھر اعتراضات کا کیا فائدہ ہوگا۔ ان غلط فہمیوں نے ہمیں گمراہ کر دیا ہے۔ مانا کہ مادی سائنس کے کچھ مضر کن اثرات بھی

ہیں لیکن سب سے زیادہ مختلف نفرتوں' تضادات' اختلافات' اعتراضات اور خودغرضیاں تباہ کن ہیں۔ = سائنسی علوم کا کیا قصور ہے؟ قصور تو ہمارا ہے کہ سائنس تو کیا مذہب کو بھی غلط استعمال کر رہے ہیں۔ خدا کے بارے میں ذکر شدہ نقاط سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ آج تک ہمارے اندر نفرت' حسد' تنگ نظری' غرور اور خودغرضی ہو تو جسم بیمار رہیں گے بلکہ ہماری رُوح بیمار رہے گی کیونکہ یہ سب بیماریاں ہیں اس کی وجہ سے ہم برتر قوت ہمیں محبت سے دیکھ رہی ہے نہ کہ غضب' نفرت اور تضاد سے' انسان کی طبیعت (نیچر) مارے اور مرنے والی نہیں ہے۔ اس لئے ہمیں ایک دوسرے کی تباہی کے بارے میں سوچنا ہی بیماری ہے۔ ہمیں قدرت کے نظام کے مطابق چلنا چاہئے جس کے ذریعے برتر قوتوں کو حاصل کریں اور حقیقت سامنے آئے۔

## انسان اور سپر چوئل انرجی

انسان کے اندر بھی ایک نظام کہکشاؤں کی طرح ہے۔ انسان کے اندر بھی ایک یونیورسل فورس موجود ہے۔ اس کو ایک خاص طریقہ سے حرکت دینا گویا سپر نیچرل دُنیا میں داخل ہونا ہے۔ (Super Natural World) سپر نیچرل دُنیا کیا ہے؟ یہ ایک ماورائی دُنیا' مافوق الفطرت دُنیا ہے۔ نیچر کے لاء اور قانون میں کہ ہم اپنی باڈی کو کچھ خاص حرکات دے کر نیچر کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکتے ہیں۔ (Spiritual World) یا سپر چوئل سائنسز نیچر کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔ سپر چوئل سائنسز میں ہیلنگ انرجی ایک زبردست طریقہ علاج ہے جو بغیر ادویات کے ہے۔

## سپر چوئل ہیلنگ

سپر چوئل ہیلنگ ایک یونیورسل طریقہ علاج ہے جسے ہم پوری دُنیا میں متعارف کرا دینا چاہتے ہیں اور پوری دُنیا میں اس طریقہ علاج کے ڈاکٹرز' سپر چوئل حکیم' سپر چوئل معالج' سپر چوئل ہیلرز کی علی ترتیب دینا چاہتے ہیں تاکہ انسانیت کی خدمت اور فلاح کی جا سکے اور تڑپتی' سسکتی' بلکتی انسانیت کو بیماریوں سے نجات دلائی جا سکے۔ سپر چوئل سائنسز کے بہت سارے (سبجیکٹ) ہیں مثلاً ہیلنگ انرجی' ریکی' یوگا' مراقبہ' کلر تھراپی' روما تھراپی' ہپناسس اور ٹیلی پیتھی وغیرہ۔

ہم جب بھی کسی قسم کی انرجی' لائف فورس یا ماورائی لہروں کی بات کرتے ہیں تو یہ سب کچھ سپر چوئل سائنسز میں آتا ہے۔ سپر چوئل انرجی جسے آپ لائف فورس بھی کہہ سکتے ہیں جو زندگی کو برقرار رکھتی ہے اسے یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ سپر چوئل انرجی ایک ایسی روحانی فورس ہے جو شفا بخش انرجی ہے۔ آپ اسے کوئی بھی فورس کہہ لیں' کوئی بھی طاقت کہہ لیں' ماورائی لہریں کہہ لیں یا شفا بخش انرجی کہہ لیں اسے کوئی بھی نام دے لیں۔ یہ لائف فورس ہے جس کی وجہ سے ہم زندہ ہیں۔ ہم جو سنتے' دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں۔ ہم کیوں سنتے ہیں؟ ہم کیوں دیکھتے ہیں؟ ہم کیوں محسوس کرتے ہیں؟ ہمارے دماغ میں ہر وقت محسوسات کی موومی کیوں بنتی رہتی ہے؟ کچھ لہریں یعنی انرجی ہمارے دماغ میں ہر وقت آ رہی ہیں اور کچھ انرجی ہر وقت ہمارے دماغ سے نکل رہی ہے۔ ہمارے دماغ میں ایک پروگرام بن رہا ہے۔ یہ سب کیوں ہے؟ یہ سمجھ میں نہیں آتا؟ اسے سپر چوئل سائنسز' پیرانارمل سائنسز کے ذریعے ہی ہمیں سمجھنا ہوگا۔ یہ ایک ایسی چیز ہے' ایک ایسی طاقت ہے' ایک ایسی انرجی ہے' ایک ایسی فورس ہے جو ہمارے اندر موجود ہے اور ہمیں ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آ رہی ہے مگر یہ سب جو ہو رہا ہے بہت پاور فل طاقت' انرجی' ایک فورس کے ذریعے ہو رہا ہے۔ ہمارے اندر بھی ایک کمپیوٹر ہے جس میں ہر طرح کی پروگرامنگ ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا کمپیوٹر ہے جو بہت بڑا ہے اور اس کی پروگرامنگ بھی بہت بڑی ہے۔ اس جیسا کمپیوٹر آج تک نہ کوئی بن سکا ہے اور نہ بن سکے گا۔ ہم سپر چوئل ہیلنگ انرجی کے ذریعے انسانی دماغ کے اندر واقع کمپیوٹر میں ایک پروگرامنگ کرتے ہیں جس کے ذریعے ہم انرجی دے سکتے ہیں اور اس پروگرامنگ کے ذریعے ہم ایک یونیورسل انرجی لے سکتے ہیں۔

جس طرح سورج کی روشنی میں ایک پلیٹ لگا دیتے ہیں اور اس کے ذریعے توانائی ذخیرہ ہو جاتی ہے جسے شمسی توانائی یا سولر انرجی کہا جاتا ہے۔ جس سے ہم امور زندگی کے کئی کام لیتے ہیں۔ اسی طرح کی انرجی ہمارے اندر موجود ہے جسے ہم ریکی' سپر چوئل ہیلنگ انرجی' لائف فورس اور شفائی انرجی کہہ سکتے ہیں۔ اس انرجی سے ہم ایک دوسرے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ دُنیا میں جہاں کہیں بھی کوئی مریض ہو اس کا علاج کر سکتے ہیں۔ ہم ایک خاص طریقہ سے اس انرجی کو (سیو) محفوظ اور ذخیرہ کر سکتے ہیں۔ آپ سوال کریں گے کہ ہم خود بخود اس انرجی سے کیوں فائدہ حاصل نہیں کر سکتے؟ وہ اس لئے کہ ہمارے اندر وہ پروگرامنگ نہیں ہوئی ہوتی۔ جو ریکی ماسٹر اور سپر چوئل پاور ماسٹر ہمارے اندر اس انرجی کی ایک پروگرامنگ کرتا ہے۔ مثلاً سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر یا اسے آپ کوئی بھی نام دے لیں (فیڈ کر دیتا ہے) تو پھر ہم اس انرجی کو استعمال میں لاتے ہیں۔ جس کی ایک خاص فریکوئنسی ہوتی ہے جیسے ٹی وی' ڈیش چینلز یا موبائل فونز کے خاص نمبر یا کوڈز ہوتے ہیں۔ جب ہم ریڈیو' ٹی وی یا ڈیش کا کوئی چینل آن کرتے ہیں تو اس کی نشریات یا آواز آنا شروع ہو جاتی ہے یا فون کا جو نمبر ہم ملاتے ہیں تو مطلوبہ

افراد سے فوراً بات ہو جاتی ہے۔ وہ خواہ دُنیا کے کسی بھی کونہ میں موجود ہو۔ اسی طرح ریکی انرجی اور سپر چوئل انرجی کا بھی ایک خاص کوڈ' ایک خاص نمبر اور فریکوئنسی ہوتی ہے۔ اسی طرح ریکی کے تین کوڈز یا چینلز اور سپر چوئل انرجی کے آٹھ کوڈز یا چینلز ہیں۔

دراصل ہماری باڈی کے اندر وہ صلاحیتیں موجود ہیں ریکی ماسٹراور سپر چوئل پاور ماسٹران صلاحیتوں کو ایک خاص طریقہ سے بیدار کر دیتا ہے۔ یونیورسل انرجی سے ان کا رابطہ پیدا کر دیتا ہے' ہم آہنگ کر دیتا ہے جسے ہوپس (Hope) دینا کہتے ہیں۔

طالبانِ روحانی و ماورائی علوم کے لئے ہم ریکی کے تین چینلز اور سپر چوئل انرجی کے فی الحال چھ چینلز آن کرتے ہیں انشاء اللہ بہت جلد ہم سپر چوئل انرجی کے آٹھ چینلز آن کریں گے۔

## آیئے تجزیہ کریں کہ بیماریاں کیسے پیدا ہوتی ہیں؟

سوال: سپر چوئل سائنس کے مطابق آدمی پر بیماری کیونکر وارد ہوتی ہے؟

جواب: روحانی سائنس کے مطابق انسانی جسم سے 9 انچ اوپر ایک روشنی کا جسم موجود ہے جسے جسم مثالی (Aura) یا آسٹرل باڈی کہا جاتا ہے۔ ہمارے مادی جسم میں پیدا ہونے والے تمام تقاضے جسم مثالی سے تنزل کرتے ہیں۔ ہم خوش اس لئے ہوتے ہیں کہ جسم مثالی میں خوشی کی لہر دوڑنے لگتی ہے۔ بھوک کا تقاضا اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتا جب تک پہلے جسم مثالی میں اس کا تقاضا پیدا نہ ہو۔ اسی طرح بیماری بھی پہلے جسم مثالی میں پیدا ہوتی ہے پھر مادی جسم پر اس کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ جسم مثالی میں نارمل حالت میں دور کرنے والی روشنیوں میں جب تعطل پیدا ہوتا ہے تو بیماری پیدا ہوتی ہے۔ جسم مثالی سے تقاضا کے تنزل کا اگلا مرحلہ جین میں اس کا مظاہرہ ہے۔ یعنی کروموسوم یا جین کے پس پردہ ایک روشنی کام کرتی ہے۔ جس میں تمام تقاضے' احساسات اور نقوشِ اعمال کا ریکارڈ موجود ہے۔ جسم مثالی میں پیدا ہونے والی بیماری کا پہلا مرکز بھی جین ہی ہوتا ہے۔ طبی لحاظ سے یہ بات مسلمہ ہے کہ WBC یا خون کے سفید خلیات جنہیں مدافعتی خلیات بھی کہا جاتا ہے۔ جب تک بیماری کے خلاف مدافعت کرتے رہتے ہیں بیماری کا اثر جسم پر ظاہر نہیں ہوتا یعنی بظاہر نارمل نظر آنے والا شخص بھی بیمار ہو سکتا ہے۔ جین میں جہاں زندگی کے دوسرے کردار طرزِ فکر اور کوڈ محفوظ ہوتے ہیں کوئی بیماری بھی لاحق ہو سکتی ہے۔ یہی بیماری جب نسل در نسل آگے چلتی رہے تو اسے موروثی بیماری کہا جاتا ہے۔

سوال: کیا پیرا نارمل سائنس اور پیرا سائیکالوجی سائنس کی رو سے خیالات کی کثافت سے بھی انسان کئی بیماریوں کی لپیٹ میں آتا ہے؟

جواب: ماہرین کے مطابق انسان تین پرت کا مجموعہ ہے۔ صفات' ذات اور تیسرا پرت ذات اور صفات کے درمیان امتیازی خط کھینچنے والی ایجنسی۔ امتیازی خط کھینچنے والی ایجنسی کو تخلیط یا جسد خاکی کہتے ہیں۔ جسد خاکی اس پتلے کا نام ہے جس کو عرف عام میں آدمی کہا جاتا ہے۔ ہر پرت کے محسوسات ایک دوسرے سے بالکل الگ اور نمایاں ہیں۔ ذات کا پرت وہ نقش ہے جو وہم اور خیال کو تصور بنا کر ذہن میں منتقل کر دیتا ہے۔ ذہن تصورات کو معانی کا لباس پہنا کر خوشی اور غم کا مفہوم دیتا ہے۔ اگر اس کو ایسی معلومات فراہم کی جائیں جو کسی خوبصورت باغ سے تعلق رکھتی ہوں تو اس کے اندر رنگین روشنیاں' خوشبو کے طوفان اور حسن کے تصورات رونما ہونے لگتے ہیں۔

ذہن میں دو قسم کے نقوش ہوتے ہیں ایک قسم کے نقوش کے اندر بہت لطیف انوار کا ذخیرہ رہتا ہے۔ دوسری قسم کے نقوش کے اندر خود غرضی' ذہنی تعیش' تنگ نظری' کم ظرفی' احساس کمتری یا احساس برتری اور غیر ذمہ داری جیسے کثیف جذبات کا ذخیرہ ہوتا ہے۔ تصورات میں اگر پیچیدگی اور بناوٹ ہے تو الجھن' اضطراب' بے چینی' ڈر اور خوف کا جامہ پہن لیتے ہیں۔ خیالات کی کثافت آدمی کو لطیف انوارات سے دور کر دیتی ہے اور یہ دوری بہت سے امراض پیدا کرتی ہے۔ مثلاً مرگی' دماغی فتور کا عارضہ' آسیب' خفقان' کینسر' سل اور دق وغیرہ۔ متذکرہ بالا گفتگو سے یہ بات واضح ہو گئی کہ انسان کے کردار میں خیالات کو مفہوم دینے والی ایجنسی ہی طرز فکر کی تشکیل کا باعث بنتی ہے۔ اگر طرز فکر مثبت ہے تو ہمارے روشنیوں کے جسم میں صحت بخش لہریں دور کریں گی اور یہی صحت بخش لہریں جین میں فیڈ ہو کر پیدا ہونے والے بچے کی زندگی کا کردار بن جائیں گی۔

خیالات اور تصورات کی اہمیت کا اندازہ اس واقعہ سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ علم نفسیات کی دُنیا میں یہ واقعہ بہت مشہور ہے۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ ایک انگریز ماں کے بطن سے ایک ایسا بچہ تولد ہوا جس کے سارے نقش و نگار اور رنگ حبشی نژاد بچوں کی طرح تھے۔ موٹا ناک نقشہ' گھونگریالے بال' سیاہ رنگ' جوڑا چکلا سینہ اور مضبوط اعصاب بچے کی پیدائش کے بعد باپ نے اس حقیقت کو تسلیم نہیں کیا کہ بچہ اُس کا ہے۔ جب معاملہ بہت اُلجھ گیا اور تحقیق و تفتیش اپنی انتہا کو پہنچی تو یہ راز کھلا کہ ماں حمل کے زمانے میں جس کمرے میں رہتی تھی وہاں دیوار پر ایک حبشی بچے کی تصویر آویزاں تھی۔ بڑے بڑے نفسیات دان' دانشور اور ڈاکٹروں کا بورڈ بیٹھا اور باہمی صلاح مشورے اور افہام و تفہیم سے یہ بات طے پائی کہ اس کمرے میں ایک حبشی بچے کا فوٹو لگا ہوا ہے۔ عورت حمل کے زمانے میں بچے کی تصویر سے فطری اور طبعی طور پر قریب رہی اور بار بار حبشی بچے کو دیکھتی رہی تھی' دیکھنے میں اتنی گہرائی پیدا

# روحانی عملیات

## رحمکاریہ جفر لوح زاهدی

☆......ازتحریر: سید شعیب الرحمٰن ۔ ایبٹ آباد

اس سال 9 جون عطارد مشتری تسدیس مکمل شام 4.49 منٹ پر قائم ہوگی یہ جون کی سعادت اکبر نظر ہے۔ اس وقت کی مناسب سے عمل خصوصی رزق کیساتھ حاضر ہوں۔ ترقی دولت' کشادگی رزق' بے اندازہ دولت کے اسباب پیدا کرنے کیلئے ہر طرح کی فتوحات حاصل کرنے کیلئے آج کی محفل میں ایک مشہور عمل کیساتھ حاضر ہوں عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | سورۃ ال عمران اعداد قمری ملفوظی | ۳۳۲۹۲۰۸ |
| (۲) | مقصد اسم اعظم یا رزاق کے اعداد | ۳۰۸ |
| (۳) | طالب شعیب الرحمٰن | ۷۱۲ |
| | کل اعداد | ۳۳۳۰۲۲۸ |
| | تفریق | ۷۳۹۸۰ |
| | باقی | ۳۲۵۶۲۴۸ |
| | تقسیم | ۵ |
| | باقی | ۳ |

تو خانہ نمبر 11 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم 651249 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 25 تک ہر خانہ میں 1233 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم "انا فتحنا لک فتحا مبینا" کا ورد کریں۔ اس طرح میزان چاروں طرف سے درست آئے گی۔ یہ لوح خالص گولڈن کاغذ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ پھر روزانہ 313 مرتبہ درود شریف (درود ابراہیمی) پڑھا کریں اور آل عمران کے خاندان کو بخش دیا کریں اس لوح کی برکات ہزاروں ہیں جس سے میری زبان قاصر ہے۔ عقل مند کیلئے اس میں اشارہ کافی ہے۔ یہ میری طرف سے تحفہ ہے قبول کریں۔ لوح مبارک یہ ہے:

یا فاطمۃ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اللہ اللہ یا فاطمۃ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱۰ | ۱ | ۲۲ | ۱۸ |
| ۲۰ | ۱۱ | ۷ | ۳ | ۲۴ |
| ۲۱ | ۱۷ | ۱۳ | ۹ | ۵ |
| ۲ | ۲۳ | ۱۹ | ۱۵ | ۶ |
| ۸ | ۴ | ۲۵ | ۱۶ | ۱۲ |

بدوح وَکفٰی باللّٰہِ شَہیداً محمد الرسول اللہ بدوح

## تسخیرات عالم مخفی

### کرشمہ نماز' ٹیلی پیتھی یا قوت ارادی

☆......از تحریر: محمد اشفاق ۔ شارجہ (U.A.E)

**پرہیز:** حسد' لالچ' تکبر' گوشت' انڈا' مچھلی' شہد' دال مسور' جماع ٹیلی ویژن اور کھیل کے غلط استعمال سے دور رہیں۔ سادہ غذا استعمال کریں۔ ہر انسان میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی ہوئی بہت سی پوشیدہ طاقتیں موجود ہیں جن کو انسان عبادت و ریاضت سے یا مختلف طریقوں سے حرکت میں لا کر بہت سے کام لے سکتا ہے۔ دُنیا کے ہر خطے میں رہنے والے لوگ اس طاقت کو اپنے اپنے طریقے سے حرکت میں لاتے ہیں۔ مسلمانوں کا طریقہ کار علیحدہ ہے' چینیوں کا علیحدہ' یورپین اور امریکیوں کا علیحدہ ہے۔ آپ بھی یہ آسان سا عمل کریں اور اپنا روزانہ کا معمول بنا لیں اور اپنی مخفی قوت کو حرکت میں لا کر عجیب و غریب کام لے سکتے ہیں۔

**صبح کا عمل:** اللہ ھو: پندرہ سے بیس منٹ اللہ ھو کا ورد کریں تقریباً ایک ہزار بار ہو جائے گا اس سے آپ کو کشف ہونے لگے گا۔

اللہ اللہ ھو اللہ: بیس منٹ تک اللہ اللہ ھو اللہ کا ورد کریں تقریباً ایک

ہزار بار ہو جائے گا اس سے آپ کے ناف کنول یعنی ڈمنی کے اندر جو قوت ہے جس کے مختلف نام ہیں اس کو ''چی'' بھی کہتے ہیں اس ورد سے چی کی قوت حرکت میں آجائے گی جس سے آپ بہت سے کام لے سکتے ہیں خیال کی قوت اور ارادہ سے ہر چیز کھنچی چلی آئے گی۔ اللہ کی آواز پیٹ سے کھینچ کر اوپر کی طرف لے جائیں۔

اللہ اللہ ھو: بیس منٹ تک ''اللہ اللہ ھو'' کا ورد کریں تقریباً ایک ہزار بار ہو جائے گا۔ اپنی سہولت کے مطابق ٹائم کو بڑھا بھی سکتے ہیں جس سے ورد کی تعداد زیادہ ہو جائے گی اور جلد اثرات ہونے لگیں گے۔ اثرات سے مطلع کرتے رہیں۔

اللہ ھو: ورد کرنے کے بعد تین لمبے لمبے سانس لیں ناک کے ذریعے سانس کھینچے منہ کے ذریعے نکال دیں اور تقریباً بیس منٹ تک آنکھیں بند کر کے اپنے دل کی طرف متوجہ ہو کر تصور کی آنکھ سے دل کو دیکھتے ہوئے تصور سے اپنے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی جس کے اوپر نور کی چمکدار سیاہی لگی ہوئی ہے سے اپنے دل کے اوپر ''اللہ ھو'' لکھیں ایک ہی جگہ پر بار بار لکھتے رہیں۔ تین بار لکھنے کے بعد لکھا ہوا تصور سے دیکھتے رہیں کہ لکھا ہوا چمک رہا ہے جب لکھا ہوا چمکتا ہوا نظر آنے لگے تو سمجھ لیں کہ کامیابی ہو گئی ہے۔ صبح فجر کی آذان سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ پہلے نیند سے بیدار ہو جایا کریں ہر روز صبح پہلے نماز تہجد ادا کیا کریں اس کے بعد دوزانوں یا چارزانوں بیٹھ جائیں کانوں میں روئی وغیرہ رکھ لیں تاکہ شور کی آواز نہ آئے سر کے اوپر بڑا رومال یا کپڑا جو کانوں تک آجائے رکھ لیں گھر پر ہیں تو لائٹ بند کر دیں۔ آنکھیں بند کر کے یہ تصور کر لیں کہ میں عرش کے نیچے ہوا میں معلق بیٹھا ہوا ہوں نہ زمین ہے نہ آسمان ہے بس سامنے خانہ کعبہ ہے اور اوپر عرش ہے اور میں اللہ ھو کا ورد کر رہا ہوں۔ زبان سے ورد کریں لیکن آواز نہ آئے۔ اللہ کی ضرب اوپر دائیں طرف اور ھو کی ضرب دل پر لگائیں جس سے دل صاف شفاف شیشے کی طرح ہوتا جائے گا اور ''اللہ اللہ ھو اللہ'' کہتے ہوئے ناف کے اندر ہی زور پڑتا ہے اور گرمی سی محسوس ہوتی ہے اس ورد سے جیسے جنریٹر چلنے سے بجلی پیدا ہوتی ہے اسی طرح ناف کے اندر بھی انسان کا جنریٹر لگا ہوا ہے جو کہ چل پڑتا ہے جس سے چی کی قوت حرکت میں آجاتی ہے۔

**نماز کا عمل**: اب فجر کی اذان کے بعد سنتیں ادا کریں قرآن پاک کی تلاوت کریں۔ اب جماعت کے ساتھ کھڑے ہو جائیں امام صاحب کے پیچھے اللہ اکبر کہنے کے بعد اپنی نظر کو ایک جگہ سجدے کی جگہ پر لگا لیں اور آنکھ نہ جھپکیں امام صاحب کی تلاوت سنیں جب رکوع میں جائیں تو اپنی نظر کو دونوں پاؤں کے درمیان لگا لیں اب سجدے میں جائیں تو اپنی نظر کو ناک کی نوک پر لگا لیں اب قعدے میں بیٹھیں تو اپنی نظر کو سامنے سجدے کی جگہ پر یا اپنی جھولی کے آگے لگا لیں مطلب یہ ہے کہ نماز کی طرح ہی نماز پڑھیں لیکن آنکھیں کھلی رکھیں پلکیں نہ جھپکیں۔

اسی طرح صبح فجر کی نماز میں تقریباً پندرہ بیس منٹ تو لگ جاتے ہیں اگر کسی دن امام صاحب چھوٹی صورتوں کے ساتھ نماز جلدی ختم کر دیں تو آپ سلام کے بعد پلکیں نہ جھپکیں بلکہ صلوٰۃ والسلام یا تسبیح میں لگے رہیں اس طرح آپ کے بیس منٹ لگ جائیں گے اب آنکھیں جھپک۔ اس طرح ہر روز صبح کی نماز میں یہ مشق جاری رکھیں اس مشق سے آپ کی قوت ارادی میں اضافہ ہوگا اور خشوع خضوع حاصل ہو جائے گا۔ خیالات ختم ہو جائیں گے۔ نماز پنجگانہ کی بھی پابندی رکھیں اگر کسی دن دوسری جگہ پر بھی جانا ہو جائے تو وہاں پر بھی عمل کریں، عمل کرنا نہ چھوڑیں۔ اس طرح جب آپ کو دو تین ماہ گزر جائیں گے تو انشاء اللہ آپ جس کے دل و دماغ کی طرف توجہ کریں گے اُس کے حالات و واقعات اس کو کیا مرض ہے سب معلوم ہو جایا کرے گا یا جو آپ چاہیں گے ویسا ہی وہ کرے گا جس کی طرف نظر پھیر کر دیکھ لیں گے وہ آپ کا ہو جایا کرے گا۔

**رات کا عمل**: اب رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے چارپائی یا سونے کی جگہ پر بیٹھ کر یا لیٹ کر آنکھیں بند کر کے تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد پانچ منٹ تک ''ھو'' کا ورد کریں ھو کی آواز پیٹ کے اندر سے آئے منہ بند کر کے سانس کے ساتھ ھو ھو ھو کریں اس کے بعد پانچ منٹ تک یا نور یا نور یا نور کا ورد زبان سے کریں آواز نہ آئے۔

اب تصور کریں کہ نہ زمین ہے نہ آسمان ہے سامنے خانہ کعبہ ہے اور اوپر اللہ تعالیٰ کا عرش جس سے نور ہی نور ہر طرف پھیل رہا ہے میرے بھی ہر طرف نور ہی نور ہے ہوا میں معلق میں بھی نور کا حصہ ہوں۔ بس اسی تصور میں سو جایا کریں کچھ دنوں کے بعد نور نظر آنا شروع ہو جائے گا سچے خواب آیا کریں گے۔ روحوں سے ملاقات ہونا شروع ہو جائے گی اور خواب میں سیر کیا کریں گے۔ چھ ماہ سے لیکر ایک سال تک کے اندر بہت ساری قوتیں حرکت میں آجائیں گی۔ عمل کے دوران جو کچھ ظاہرہ یا خواب میں نظر آئے پیر رشد' اُستاذ' گرو کے علاوہ کسی سے ذکر نہ کیا کریں۔ پیر/ اُستاذ گرو اس لئے کہ وہ آپ کو صحیح راہنمائی کر سکے یہ صبح کا عمل اور رات کا عمل ایسے ایک دن کا عمل مکمل ہوا اب اسی طرح

دوسرے دن کریں۔

**نوٹ**: عمل کے دوران اگر بھی گوشت وغیرہ کھالیں تو صبح سنت وفرض فجر کے درمیان سورۃ فاتحہ 41 بار بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھ لیں یا پانی پر دم کرکے پی لیں قربانی کا گوشت' عقیقہ کا گوشت' ولیمہ کا گوشت کھاسکتا ہے۔

## عمل یا حیّ

ہرروز ایک وقت مقرر کرکے لیٹ کریا بیٹھ کرسامنے دیوار پر ایک ٹک دیکھتے ہوئے تصور کی انگلی سے تصور کی دوات جس میں نور کی چمکتی ہوئی سنہرے رنگ کی سیاہی ہے سے انگلی قلم کی طرح ڈبوڈبو کریاحیّ ایک ہی جگہ پر بار بار لکھئے اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد لکھا ہوا دیکھئے یہ سب کھلی آنکھوں کے ساتھ تصور سے لکھنا اور دیکھنا ہے آنکھ کم سے کم جھپکیں اگرصحن میں ہیں تو آسمان کی طرف خلا میں لکھا کریں۔ اگر سامنے کوئی درخت ہے تو اس کی چوٹی کے اوپر لکھا کریں۔ ان طریقوں میں سے جو طریقہ آسان لگے وہی اپنالیں۔ جس دن لکھا ہوا روشن نظر آنے لگے سمجھ لیں آپ کا عمل پورا ہوگیا جس کی طرف خیال کرکے دل و دماغ کی طرف توجہ کریں گے اُس کا سب حال معلوم ہوجائے گا اور جو خیال یا پیغام دیں گے وہ قبول کرے گا ہرروز تقریباً ایک گھنٹہ مشق کیا کریں۔ مشق کے بعد بھی عمل خیالی دیوار پر آنکھیں بند کرکے تصور کی انگلی سے دس منٹ لکھا کریں۔

## حاضرات مؤکل

**عمل**: اللّٰہ نبی کل نور یا محمد یا رسول حاضر ہو جائیے مؤکل حضور' پڑھتا ہوں درود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ٥

**عمل مدت**: تین دن کسی بھی جمعرات کے دن سے شروع کریں۔

**تعداد پڑھائی**: پانچ وقت کی نماز' ہرنماز کے بعد ایک سو ایک بار اول آخر سات سات بار درود شریف۔

یہ عمل حاضرات کی حاضری کی نیت سے پڑھیں۔ مؤکل کو اپنے بس میں کرنے کی نیت سے نہ پڑھیں۔ جس جمعرات کو عمل شروع کریں اُس دن کسی بھی وقت تھوڑی سی شرینی میٹھی چیز یا دال روٹی پر فاتحہ دے کر ثواب محمد مصطفیٰ ﷺ کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں اور اولیاء اللہ کو بخش دیں اور بچوں میں بانٹ دیں خود بھی کھائیں۔ اب جب بھی حاضرات کرنی ہو کسی بچے یا بچی کو وضو کروا کر سامنے بٹھالیں آنکھیں بند کروالیں اور عامل خود گیارہ بار عمل کی عبارت پڑھ کر بچے بچی پر دم کریں جلد ہی مؤکل حاضر ہوجائیں گے جب تک حاضر نہ ہوں عبارت پڑھ کر دم کرتے رہیں اور معمول سے پوچھتے رہیں۔ معمول کے کندھے اور سر بھاری ہوجائیں گے۔ معمول سے کہلواتے رہیں مؤکل حاضر ہوجا۔ جب حاضر ہوجائے تو سب سے پہلے معمول کے ذریعے عامل اپنا سلام کہے جب مؤکل جواب دے دیں تو جلد حاضر ہونے کا وعدہ لے لیں جب بھی حاضر کروں جلدی حاضر ہوا کریں۔ اس کے بعد جو بھی سوال جواب ہو یا جو بھی کام ہو کہیں وہ کردیں گے۔ اس کے بعد جانے کی اجازت دے دیں جب وہ چلے جائیں تو معمول پر ایک بار سورۃ فاتحہ اور ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر پھونک دیں اور معمول کو بولیں آنکھیں کھول دے۔

## حاضرات جن

جب کسی مریض کا پتہ نہ چلتا ہو کہ آسیب و جن ہے تو مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر ایک ٹک غور سے مریض کی طرف دیکھیں پھر گیارہ بار یہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اسی وقت جن و آسیب حاضر ہو جائے گا۔ جب پتہ چل جائے جن و آسیب ہے تو اس کے بعد گیارہ بار یا حفیظ پڑھ کر مریض پر دم کریں مریض اپنی اصلی حالت میں آجائے گا۔ مریض دو چار پانچ روپے خیرات کردے۔ حاضرات جن کا عمل مندرجہ ذیل ہے۔


**یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ' یا بدیع یا بدیع یا بدیع یا بدیع' العجائب بالخیر یا بدیع**

## مجربات خاص

☆......ازتحریر: قسور حسین۔ میلسی

آج کی محفل میں میں اپنے چند خصوصی مجربات قارئین آئینہ قسمت کی نظر کررہا ہوں۔ انشاء اللہ جو بھی قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل یکسوئی کے ساتھ اپنے جائز مقصد کیلئے آزمائے گا۔ انشاء اللہ سو فیصد فائدہ ہوگا۔ عملیاتی زندگی میں عرصہ دراز گزارنے کے بعد میں اس نقطہ پر پہنچا ہوں کہ جو بھی شخص مراقبہ و یکسوئی کے ساتھ اپنے باطن کو منور کرلیتا ہے۔ کامیابی صرف اُسی کے ہی حصے میں آتی ہے ورنہ دوسرے لوگ صرف شاذ و نادر ہی کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ ساری عمر عملیات

پڑھ پڑھ کے تھک جاتے ہیں مگر کامیابی ندارد۔ معزز قارئین! میں آپ لوگوں سے گزارش کرونگا کہ عملیات زندگی میں چلہ کشی سے پہلے اپنے من کی صفائی اور کامل یکسوئی حاصل کریں۔ جو لوگ پاک باطن ہیں اور اپنے نفس کو کنٹرول میں رکھ کر عملیات سیکھتے ہیں۔ اُن کیلئے سینکڑوں تحائف اللہ نے رکھے ہیں اور جو لوگ نفس کے مارے ہوئے ہیں اور اُن کا مقصد ہی صرف کسی لڑکی کو عملیات کے ذریعے حاصل کرنا یا کسی کا کاروبار تباہ کرنا ہے وہ اس دُنیا میں بھی ناکام ہیں اور آخرت میں تو ویسے ہی ناکام ہونگے۔ اب اپنے اصل مقصد کی طرف آتے ہیں چند عملیات آپ کی خدمت میں پیش ہیں ان کو استعمال میں لائیں انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔




**دشمن کے شر سے بچنے کیلئے**: یہ نقش آپ زوال ماہ میں عطارد کی ساعت میں دو عدد لکھ کر قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھیں۔ ایک کو وزن کے نیچے رکھیں اور ایک بازو پر باندھیں انشاء اللہ دشمن کے شر سے بچیں گے اور وہ آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا۔

**عمل حب**: یہ عمل عملیات حُب میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے اور کئی بار کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی آزمائیں۔ یہ تو ہو ہی نہیں سکتا کہ یہ اثر نہ دکھائے۔ میاں بیوی کی محبت کیلئے اکسیر ہے اور جس بھی مواقع پر کریں گے۔ انشاء اللہ یہ ایک عمل ہی کافی ہے۔


طریقہ: یہ عمل حاضری مطلوب کیلئے ۱۱۰۰ بار بعد از نمازِ عشاء باتصور پڑھیں۔ اگر کسی کو دم کر کے کھلانا ہو تو صبح کی نماز کے بعد یا کسی اچھی ساعت میں اول و آخر درود پاک کے ساتھ ۳۶۰ مرتبہ ۳ دن تک پڑھ کر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ عمل یہ ہے:

حُب پڑھاں میں حُب گھنڑی. آمُن فریاد رَسولُ اللہ. مسلمان کلمہ پڑھدن . حوراں پڑھن دَرُود اللہ. وچ گلیاں دے مُرشد رہندان او گلیاں بھرپُور اللہ. مکہ الدر ھو گئی شادی چھم چھم برسے نُور اللہ. پڑھ لا اِلٰہَ اِلا اللہ محمد رسول اللہ. حضرت بی بی فاطمہ مدد علی شیر صدقہ حسن حسین دا فلاں بن فلاں دا منہ میں وَل پھیر لا الہ الرٔینس اِل اللہ آن ملیس محمد رسول اللہ فلاں بن فلاں نوں میرے بنا سُن بیٹھے کھڑے آرام نہ ڈیوسینس.

**عمل برائے تاثیر زبان**: یہ عمل ۱۱۰ دفعہ روزانہ اول و آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ وقت مقرر کر کے پڑھیں انشاء اللہ زبان میں تاثیر ہوگی اور ہر عمل میں کامیاب ہونگے۔ عمل یہ ہے۔

یا ضیغم المھیمن یا ناصر النبی یا دافع النوالب یا قوت قوی یا فارغ الخطالب یا قاتل الغوی یا قاھر العدوی یا والی الولی یا مظھر العجالب یا مرتضی علی.

**نقش ناف کا ٹل جانا**: ذیل کا نقش قمر در عقرب میں جتنی تعداد میں چاہے لکھ لیں اور ایک نقش ناف میں ڈال کر اوپر ٹیپ لگا دیں۔




**عمل برائے دفع سحر و جادو**: یہ ایک مجرب ترین نقش ہے اور کئی بار کا آزمودہ ہے۔ یہ تین نقش لکھیں۔ ایک نقش پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کرا دیں۔ دوسرا عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تاکہ مریض صبح و شام پیتا رہے۔ تیسرا گلے میں ڈال دیں۔ غسل کا پانی کسی ناپاک جگہ پر نہ گرے۔ انشاء اللہ 21 دن تک جادو مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم٥

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۵ | ۲۲۸ | ۲۳۲ | ۲۱۸ |
| ۲۳۱ | ۲۱۹ | ۲۲۴ | ۲۲۹ |
| ۲۲۰ | ۲۳۴ | ۲۲۶ | ۲۲۳ |
| ۲۲۷ | ۲۲۲ | ۲۲۱ | ۲۳۳ |

یا قابض اقبض جمیع الرات سحر جادو آسیب نظر بد بحق یا قابض العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا

## عمل برائے کشادگی رزق و تسخیر

: یہ نقش ہر نوچندے بدھ کو سبز سیاہی سے ۴۵۴ عدد لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلایا کریں اور کسی نماز کے بعد آیت مبارکہ پانچ تسبیح پڑھ کر دُعا کریں انشاء اللہ کشادگی رزق بھی ہوگی اور تسخیر بھی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۳ | ۱۱۶ | ۱۱۹ | ۱۰۶ |
| ۱۱۸ | ۱۰۷ | ۱۱۲ | ۱۱۷ |
| ۱۰۸ | ۱۲۱ | ۱۱۴ | ۱۱۱ |
| ۱۱۵ | ۱۱۰ | ۱۰۹ | ۱۲۰ |

آیت یہ ہے۔

اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز ۝

## نقش برائے زبان بندی

: یہ نقش زبان بندی کیلئے مجرب ہے۔ یہ تعویذ لکھ کر عطارد کی ساعت میں ایک شیشے کی بوتل میں بند کر کے دریا کنارے دفن کر دیں۔

یا قابض ۷۸۶ یا قابض

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۸ | ۳۱ | ۳۴ | ۲۱ |
| ۳۳ | ۲۲ | ۲۷ | ۳۲ |
| ۲۳ | زبان بستم بحکم خدا فلاں بن فلاں علیٰ اَحب فلاں بن فلاں | ۲۹ | ۲۶ |
| ۳۰ | ۲۵ | ۲۴ | ۳۵ |

یا قابض یا قابض

## عمل بستہ کرنے عورت کے

: یہ عمل عورت کو بستہ کرنے کیلئے ہے کہ خاوند کے علاوہ کسی کے پاس نہ جائے۔ عمل یوں ہے کہ نئے تالے پر بروز منگل ساعت مریخ میں یہ طلسمات تالے پر لکھ کر صندوق میں ڈال دیں اور چابی لگا کر تالہ بند کر دیں۔ اللہ کے حکم سے عورت بستہ ہوجائے گی۔

ل ۱۱۱ ۲۱۲ ۳۳۲ ۵۸ ع ع ع ع

ط ۵۱ ۵۱ ۵۱ ۱۸ ۱۸ ۱۸ ۱۸ ۱۱

بحکم خدا بستم فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

## عمل زیارت بزرگان

: یہ عمل روزانہ سونے کے وقت اپنی تمام ضروریات سے فارغ ہو کر پڑھیں اور چارپائی پر لیٹے لیٹے پڑھیں۔ اگر بات چیت کرنا ضروری ہو اور کوئی انتہائی خطرناک صورت حال پیش آجائے تو پھر بول سکتے ہیں۔ روزانہ ایک تسبیح سورۃ اخلاص اور ایک تسبیح سبحان اللہ وبحمدہٖ لیٹے لیٹے پڑھ کر سو جائیں انشاء اللہ روزانہ زیارت بزرگان ہوگی۔

## عمل جدائی

: ہفتہ یا منگل کے دن بارہ بجے تین نقش لکھیں ایک نقش کو دریا کنارے دفن کر دیں۔ دوسرے کو آگ میں دفن کر دیں اور تیسرے نقش کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ عمل زوال ماہ میں کریں اور صرف اور صرف جائز موقع پر تمام لوازمات کا خیال رکھتے ہوئے کریں۔ نقش یہ ہے۔ اس کے اوپر ۷۸۶ نہیں لکھنا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ق | ی | ر | و | ت |
| ت | ق | ی | ر | و |
| و | ت | ق | ی | ر |
| ر | و | ت | ق | ی |
| ی | ر | و | ت | ق |

ولقد کم والبغض البغض فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں

# برائے دفع جن

☆......از: سید احتشام شاہ۔ گرجاکھ

جنات و آسیب سے بچاؤ کیلئے ایک عمل لکھ رہا ہوں یہ وہ خط ہے جو حضور نبی کریم ﷺ نے جنوں کو لکھا تھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ھٰذَا کِتَابٌ مِنْ
مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اِلٰی مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ
الْعُمَّارِ وَالزُّوَّادِ وَالسَّائِحِیْنَ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ
یَارَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَۃً فَاِنْ تَکُ
عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ رَاعِیًا حَقًّا مُبْطِلًا ھٰذَا
کِتَابُ اللّٰہِ یَنْطِقُ عَلَیْنَا وَعَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ
مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ اُتْرُکُوْا
صَاحِبَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَۃِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰی
مَنْ یَزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ
ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ
لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓعٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰہِ وَبَلَغَتْ حُجَّۃُ

اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

**نسخہ برائے نزلہ' زکام' کھانسی خشک و تر:** برگ گاؤ زبان ایک پاؤ۔ السی بریاں ½ پاؤ۔ ملٹھی ½ پاؤ۔ پوست ½ پاؤ۔ ست لوبان ایک تولہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ایک تولہ بطور جوشاندہ پیا جائے۔ ترش' بادی اور ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز کریں جوشاندہ صبح' دوپہر اور شام استعمال کریں۔

**برائے زیادتی حیض:** گائے کا چمڑا جلا کر راکھ بنائیں۔ ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔ انشاء اللہ جلد شفا ہوگی۔

**رُکی ہوئی ماہواری جاری کرنا:** تخم گاجر' بادیان' جڑ اجوائن' جڑ کاسنی' مجیٹھ' تخم خربوزہ' پرسیاؤشاں' صفر فارسی' املی ہر ایک چھ ماشہ پوست املتاس ایک تولہ۔ ان سب کو پانی میں بھگو کر جوش دیں جب پاؤ پانی رہ جائے تو اُتار لیں اور شربت بزوری معتدل ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ اگر زیادہ دیر کی رُکی ہوئی ہو تو ایک عدد مغز ریٹھہ پیس کر پہلے کھلا دیں اور بعد میں جوشاندہ پلائیں انشاء اللہ خون جاری ہو جائے گا۔

**تعویذ برائے حمل خشک شدہ:** جس عورت کا حمل خشک ہو گیا ہو اس کیلئے یہ تعویذ چینی کے برتن میں لکھے اور چالیس روز بلا ناغہ اس کو یہ تعویذ پلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ حمل نمو حاصل کر کے ظاہر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّھَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَ مِنْ اَنْفُسِھِمْ وَ مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ○ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

# جنات کی دُنیا

☆......از تحریر: غلام قادر بلوچ......کراچی

## تسخیر شہنشاہِ جنات

جو شخص جنات سے ملاقات کرنی چاہے اسکو لازم ہے کہ آبادی سے باہر کسی خلوت کے مکان میں تین روز مقیم رہے اور روزہ رکھے۔ بعد نماز عشاء لبانِ ذکر اور سندرس کی دھونی روشن کر کے پانچ سو (500) بار والصافات صفا سے لے کر شہاب ثاقب تک پڑھے تین یوم کے اندر شاہ جنات حاضر خدمت ہوگا اور جو حاجت ہوگی اس کو پورا کرے گا۔

## بخور الجنّ

یہ طریقہ نہایت سہل اور آسان ہے۔ کسی ویران جگہ جو آبادی سے دُور ہو عمل کے واسطے انتخاب کرے قبل از عمل ایک ہفتہ روزہ رکھے اور ترک حیوانات و پرہیز جلالی و جمالی رکھے اور عبادت الٰہی میں معروف رہے بعد از نماز عشاء یہ دھونی روشن کرے سفید کبوتر کا خون' میعہ یابسہ' بھیڑیے کی چربی' چرائتہ ان سب چیزوں کو باہم آمیز کر کے پاس رکھے اور رات کو کوئلہ پر یہ بخور روشن کرے اور سورۃ جن سات بار پڑھے تو جنات حاضر ہو کر حاجت روائی کریں گے۔ عامل ان سے کچھ خوف نہ کرے۔ کیونکہ وہ کچھ تکلیف نہیں پہنچاتے بلکہ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں۔ تاہم کمزور دل والے حضرات یہ عمل ہرگز نہ کریں۔

## تسخیر الجنّ

الشیخ حبیب بن موسیٰ الرضا النجفی اپنی شہرہ آفاق کتاب ''العلوم الغریبہ'' صفحہ نمبر 232 میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ جنات مسخر ہوں اور دُنیاوی کاموں میں معاون و مددگار ہو تو لازم ہے کہ سات یوم روزہ رکھے۔ روح دار اشیاء سے اجتناب کرے یعنی ترک حیوانات پرہیز جلالی و جمالی رکھے اور چلہ کشی کے تمام شرائط و آداب کو بجالائیں۔

عمل کا آغاز عروج ماہ بروز یکشنبہ سے کرے دورانِ عمل بخور عود سلگائیں اور حصار مضبوط اپنے اردگرد قائم کرلے تاکہ کسی قسم کا خوف نہ رہے۔ بعد از نماز عشاء کسی الگ مکان میں بیٹھ کر سات سو بار عبارت عمل کو پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ۔ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ سات یوم کا عمل ہے۔ اختتامِ چلہ پر جن حاضر خدمت ہوں گے جو صرف بھلائی اور نیک کاموں میں عامل کے ساتھ عہد کریں گے۔

عبارت عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ○ یَا طَھْسُوْساً یَا شَھْمُوْساً. یَا شَیْخُوْساً یَا شَیْعَیُوْساً یَا مَھْطَیُشاً یَا شَیْخُوْساً یَا مَھْلَیُشاً یَا مَھْحَلِیُشاً یَا عَلْبُلْیُلاً یَا اَرحم الرَّاحمین ○

## حاضری بزرگ

عملِ ھذا میرے فاضل دوست عامل عبدالقادر کا عطیہ اور

تجربہ رسیدہ ہے بلا شبہ یہ ایک صدری اور مصدقہ عمل ہے۔

**ترکیب:** عروج ماہ نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء باوضو قبلہ رخ ہو کر عبارت عمل کو سات سو بار (700) پڑھے اوّل و آخر گیارہ۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ دوران چلہ پرہیز جلالی و جمالی رکھے اور صلوٰۃ وصوم کی پابندی بے حد ضروری ہے حجرہ میں اپنے سیدھے ہاتھ کی جانب ایک جائے نماز رکھے اور چنبیلی کا تیل سے چراغ بھی روشن رکھنا ہے۔ وظیفہ خوانی کے دوران چراغ کی لو پر اپنی نظریں مذکور کر لیں۔ بخور عود سلگائیں چالیس یوم کا عمل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اختتام چلہ ایک روحانی بزرگ ظاہر ہوگا۔ ابتداء سلام دُعا سے کریں اور کمال آداب سے گفتگو کا آغاز کریں اور وعدہ وعہد لیں۔ بعد از چلہ گیارہ بار ورد رکھنا ضروری ہے تاکہ عمل قابو میں رہے۔ عمل یہ ہے:

**محمد شاہ پالکی والا لوسو . سچ یار سخی شاہ سُلیمان. نوری حاضر ہو بابا حاضر ہو بابا**

## احضار بنات الملوک

شمس القرا امید بنت ملک ابیض بادشاہ جنات سے جو شخص شادی کرنی چاہے اس کو لازم ہے کہ ایک خالی مکان میں جو آبادی سے اس قدر دُور ہو کہ کسی کی آواز بھی وہاں نہ پہنچ سکے۔ بارہ روز خدا کی عبادت بجالائے اور جو کی روٹی سے روغن زیتون کے ساتھ روزہ کو افطار کرے اور کسی روز غسل کرنے اور بخور جلانے کو ناغہ نہ کرے اور ہر نماز کے بعد ستر (70) بار عبارت عمل پڑھے۔ اوّل و آخر طاق بار درود شریف پڑھ لیں۔ بارہ یوم کا عمل ہے اختتام چلہ ایک خوفناک سانپ عامل کے گلے میں آ کر لپیٹ جائے گا۔ اس سے کچھ خوف نہ کرے۔ کیونکہ وہ ایک جن ہے۔ جو محض عامل کے خوف دلانے اور ڈرانے پر معین ہے۔ عامل اپنے عمل میں مشغول رہے اور سانپ کی طرف متوجہ نہ ہو۔ تھوڑی دیر میں وہ خود ہی چلا جائے گا۔ پھر اس کے بعد چند عورتیں نہایت حسین و خوبصورت پُر تکلف لباس اور زیور سے آراستہ و پیراستہ عامل کی خدمت میں حاضر ہوں گی اور ان سب کے ہاتھوں میں روپوں اشرفیوں سے بھرے ہوئے طباق ہوں گے اور وہ عامل سے کہیں گی کہ اس زرنقد کو قبول کرو اور اپنے خیال سے درگذر کرو۔ عامل کو لازم ہے کہ ان کی بات کا کچھ جواب نہ دیں بلکہ ان کی طرف توجہ بھی نہ کرے۔ اگرچہ ان کا حُسن اس درجہ کا ہوگا کہ اگر فرشتہ بھی دیکھے تو قوت ملکوتی اس کی سلب ہو جائے۔ مگر عامل کو صبر و تحمل سے کام لینا چاہئے ورنہ عمل خراب ہو جانے کا اندیشہ ہے پھر ان عورتوں کے آنے کے بعد ایک عورت حور وش پری پیکر سراپا ناز عجب کرشمہ و انداز سے جلوہ افروز ہوگی۔ بال لمبے سینہ پر پڑے ہونگے۔ ہاتھوں میں سونے کے یاقوت نگار کنگن پیروں میں زبرجد کی جڑاؤ چوڑیاں پہنے ہوئے عامل کے سامنے فرش مُلوکانہ پر بیٹھے گی اور عامل سے بعد سلام کے نکاح کی درخواست کرے گی۔ عامل تو خود ہی تیار بیٹھے فوراً نکاح ہو جائے گا۔ مگر یہ شرط رہے گی کہ اُس وقت سے عامل کسی اور عورت کے پاس نہ جائے اگر گیا تو پھر اس کی جان جائے گی۔ عبارت عمل یہ ہے:

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَقْسَمْتُ بِالْقَسَمِ السُّرْيَانِيِّ عَلىٰ مَلِيْحَتِهِ الْقَدِّ وَ الْمَنْظَرِ ذَاتِ الْحُسْنِ وَ الْجَمَالِ الَّتِيْ اِذَا اَسْلَبَتْ شَعْرٍ وَ لَا لِهَا اَسْعَرَ ذَاتَهَا وَ اِذَا اَبْتَسَمَتْ خَرَجَ مِنْ فِيْهَا عُمُوْدٌ كَالنُّوْرِ اَلْبَلِي لِمُحَبِّيْ وَ خِلْعَتِيْ اَيَّتُهَا الْفَاضِلَةُ الطَّاهِرَةُ اَيْنَ صَوَاحِبُكَ مَيْمُوْنَةُ وَ يَا قُوْتَةُ وَ زُوَيْلَةُ وَ فَاطِمَةُ السَّحَابِيَةُ وَرُقَيَّةُ بِنْتُ الْاَحْمَرِ وَ يَالُوْشَةُ بِنْتِ سَمَرْ دِيَالِ اَقْبِلُوْا يَا بَنَاتِ مُلُوْكِ الْجِنِّ سَامِعاً مُطِيْعًا وَ بَرْغُوْثُ اِلتُوْلِيْ سَرِيْعاً وَ اَفْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ o**

# حاضرات

☆......از تحریر: اسد اللہ سلیمانی ـ جھنگ

## حاضرات خواجگان

**عبارت عمل:** بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت و اقسمت علیکم یا خواجہ عبدالکریم المغربی یا خواجہ عبدالجلیل الجنوبی یا خواجہ عبدالرحیم المشرقی یا عبدالرشید الشمالی حاضر شو بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق شیخ عبدالقادر جیلانیؒ بحرمت حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا.

**ترکیب عمل:** قارئین حاضرات کا یہ عمل نہایت ہی بے مثل و لاجواب عمل ہے۔ یہ صدری عمل ہمیشہ میرے سینے میں دفن رہا ہے اور آج تک میں نے کسی شاگرد کو بھی نہیں بتایا بلکہ اس عمل کی کسی کو ہوا تک نہیں لگنے دی۔ حاضرات کا یہ عمل کیا ہے؟ ایک پوشیدہ خزانہ ہے جو ظاہر ہو رہا ہے۔ جو لوگ یہ شکایت کرتے ہیں کہ ہمیں حاضرات کے اعمال میں کامیابی نہیں ہوتی ہے وہ اس عمل حاضرات کو ضرور کریں کیونکہ یہ عمل میرا آزمودہ ہے اور پتھر پر لکیر ہے۔ اس عمل میں کسی بھی قسم

کا ڈر و خوف نہ؛ ورنہ ہی رجعت کا کوئی خطرہ ہے۔ مندرجہ بالا عمل کی پہلے زکوٰۃ ادا کریں۔ اس کا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ چاند کی گیارہویں تاریخ کو بعد از نماز عشاء کسی پاک و صاف علیحدہ کمرے میں داخل ہو جائیں اور خوشبودار بخور روشن کر کے اپنے اردگرد کا حصار کریں یعنی سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور یہ پانچوں قل شریف، پہلا قل سورۃ جن، دوسرا قل سورۃ کافرون، تیسرا قل سورۃ اخلاص، چوتھا قل سورۃ فلق اور پانچواں قل سورۃ ناس 3-3 مرتبہ پڑھ کر حصار کرنا ہے۔ رجال الغیب پشت پر رکھ کر عبارت عمل کو 500 مرتبہ 40 روز تک پڑھ کر زکوٰۃ مکمل کریں اور بعد زکوٰۃ 101 مرتبہ پڑھتے رہیں تاکہ زکوٰۃ قائم رہے۔

**حاضرات کا طریقہ**: ایک پاک وصاف پیالہ لیکر اس میں کالی سیاہی ڈالیں۔ اب ایک لڑکا یا لڑکی جن کی عمر پندرہ سال سے زیادہ نہ ہو۔ اسے بٹھا کر حاضرات کریں۔ معمول کو پیالہ میں دیکھنے کیلئے کہیں اور عامل معمول پر اور کالی سیاہی والے پیالہ میں عبارت عمل کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔ تھوڑی دیر میں معمول کو چار بزرگ نظر آئیں گے۔ عامل معمول کے ذریعے چاروں بزرگوں کو سلام عرض کر کے اپنے سوالات کے جوابات ان سے معلوم کریں۔ یہ آپ کے ہر سوال کا جواب سو فیصد درست دیں گے۔ جب عامل ان چاروں بزرگوں سے اپنے سوالوں کے جوابات معلوم کرلے تو ان کا شکریہ ادا کر کے جانے کی اجازت دیں۔

**نوٹ**: دوران حاضرات اگربتیاں سلگائیں اور عامل و معمول دونوں پاک و صاف ہوں۔ اس حاضرات میں کسی قسم کا ناجائز سوال ہرگز نہ پوچھیں ورنہ کئی پریشانیوں میں مبتلا ہو جائیں گے۔ احتیاط ضروری ہے۔

## تسخیر مؤکل کا صدری عمل

**عبارت عمل**: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ يَا لَطِيْفُ يَا مُطِيْعُ يَا عَلِيُّ يَا ظَاهِرُ يَا كَرِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

**ترکیب عمل**: یہ تسخیر مؤکل کا بہت سریع التاثیر و آسان قسم کا عمل ہے۔ دوستو! اس سے بہتر عمل آپ کو کہیں نہ ملے گا۔ لہٰذا اس عمل کو کریں اور مؤکل کو تسخیر کر کے اپنے جائز دینی و دنیوی کاموں میں مدد حاصل کریں اور مجھے اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیں۔ اس عمل میں پرہیز جلالی کے ساتھ آپ کو ہر وقت باوضو رہنا ضروری ہوگا۔ اگر وضو ٹوٹے تو دوبارہ کرلیں۔ نوچندی اتوار کو رات 12 بجے کھلے آسمان کے نیچے عمل شروع کرنا ہے اور اگربتی کا بخور روشن کرنا ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی رجال الغیب پشت پر رکھیں اور اپنے اردگرد کا حصار کرلیں۔ مندرجہ بالا عبارت عمل کو 2100 مرتبہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور پھر عمل تمام ہونے کے بعد اپنی کامیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ اسی طرح 40 روز پڑھائی کریں۔ آخری 40 ویں رات مؤکل ظاہر ہوگا اور اس کے ساتھ ایک بزرگ بھی ہوگا۔ جس کے ہاتھ میں تسبیح ہوگی۔ عامل اپنی پڑھائی مکمل کر کے ان سے کہیں کہ میرے جائز معاملات میں میری مدد کرنا ہوگا۔ وہ اقرار کریں گے۔ ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ پوچھ لیں۔ وہ آپ کو اپنے حاضر ہونے کا طریقہ بتائیں گے۔ اب آپ اس عمل کے عامل ہیں لیکن عمل قائم رکھنے کیلئے عبارت عمل کو روزانہ 101 مرتبہ عشاء کے بعد پڑھنا لازمی ہوگا۔ اگلے دن کامیابی کے بعد سات رنگ کی مٹھائی پر مؤکلات عمل کی نیاز دیں۔ خود بھی کھائیں اور بچوں کو بھی کھلائیں۔ جب بھی آپ مؤکل اور بزرگ کو کسی بھی کام کے لئے بلائیں گے یہ فی الفور حاضر ہو کر آپ کے کام کریں گے۔

## تسخیر شاہ پری کا نایاب عمل

**عبارت عمل**: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ. وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ.

**عمل کی قسم**: عَزَمْتُ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا عِطْرَائِيْلُ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِحَقِّ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاؤدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا يَا شَاهِ پری حَاضِرُ هُوْ وَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا.

**ترکیب عمل**: معزز عاملین و قارئین کی خدمت میں تسخیر شاہ پری کا نہایت ہی طاقتور و زبردست عمل تحریر کیا جاتا ہے۔ آپ کو اس سے بہتر اور نایاب عمل کہیں بھی نہ ملے گا۔ انشاء اللہ جو بھی اس عمل کو کرے گا وہ اپنی منزل مقصود تک پہنچے گا۔ لہٰذا شائقین تسخیر پری کو دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل سے بھرپور استفادہ حاصل کریں اور صاحب مضمون کیلئے دعائے خیر کریں۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی پیر کو بعد از نماز عشاء شروع کریں۔ جس کمرے میں عمل پڑھنا ہو وہاں کسی بھی قسم کا گھریلو سامان نہ ہو اور نہ ہی اس کمرے میں عامل کے سوا دوسرا شخص چالیس روز تک داخل ہو اور کمرہ بالکل پاک و صاف ہونا چاہئے۔ اب عامل خوشبودار بخور روشن کر کے رجال الغیب پشت پر رکھ کر اپنے اردگرد

سورۃ فاتحہ' آیت الکرسی و پانچوں قل شریف 11-11 بار پڑھ کر حصار کریں۔ پھر عامل عبارت عمل کو اول و آخر 101-101 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 1100 بار پڑھے۔ لیکن ہر صد کے بعد عمل کی قسم 41 مرتبہ لازمی پڑھنی ہے اور اسی طرح ہر روز پڑھا کریں۔ عمل ہذا کو روزانہ وقت مقرر پر پڑھتے رہیں۔ ساتویں روز کے بعد عجائبات کا ظہور شروع ہو جائے گا۔ جوں جوں دن قریب آتے جائیں گے عجائبات و غرائبات کا ظہور بڑھتا جائے گا۔ عامل اس وقت اپنا دل قوی رکھ کر عمل میں مشغول رہے اور کسی قسم کا خوف اپنے قریب نہ آنے دے۔ اکیس یوم کے بعد خوفناک اشکال اور آوازیں عامل کو ڈرانے کی بھرپور کوشش کریں گی۔ لیکن عامل کو چاہئے کہ ان سے ہرگز خوف نہ کھائے اور نہ ہی کوئی چیز حصار کے اندر داخل ہونے کی طاقت رکھتی ہے۔ اس لئے عامل کو ان چیزوں سے ڈرنا نہیں چاہئے کیونکہ انسان جو کہ اشرف المخلوقات ہے اس کو کسی قسم کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اگر خود ہی ڈر گئے تو رجعت میں لازمی گرفتار ہو جائیں گے۔ پھر ساری زندگی پاگلوں کی طرح ادھر اُدھر پھرتے رہیں گے اور کوئی بھی علاج کارگر ثابت نہ ہوگا۔ اس لئے شائقین کو عمل کرنے سے پہلے سوچ لینا چاہئے کہ میں عمل پورا کر سکتا ہوں یا نہیں؟ بالآخر چالیسویں روز شاہ پری حاضر ہوگی جس کے سر پر ہیرے جواہرات کا خوبصورت تاج ہوگا اور شاہ پری عامل سے پوچھے گی مجھے کیوں بلایا ہے۔ اب عامل کو چاہئے کہ اپنی پڑھائی مکمل کر کے شاہ پری سے مخاطب ہو اور اس سے کہیں کہ میرے دینی و دنیوی امور میں جائز کاموں کیلئے مجھے آپ کی مدد چاہئے۔ شاہ پری اقرار کرے گی اور اس سے کہیں کہ مجھے اپنے بلانے کا طریقہ بتاؤ تاکہ ضرورت پڑنے پر میں آپ کو بلا سکوں۔ یہ آپ کو اپنے حاضر ہونے کا طریقہ بتائے گی۔ جب بھی مشکل کیلئے شاہ پری کو بلائیں گے یہ فی الفور حاضر ہو کر آپ کا جو بھی مسئلہ ہوگا پورا کرے گی۔ اس عمل میں کامیابی کے بعد پانچ کلو مٹھائی پر حضرت محمد ﷺ و مؤکلات عمل کی نیاز دیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں خود ہرگز نہ کھائیں۔

**پرہیز:** دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کرنا ہے۔

**انتباہ:** اس عمل کو وہی کریں جو بڑے دل کے مالک ہوں اور مضبوط قوت ارادی و یکسوئی کے مالک ہوں۔ ایسے لوگ ہرگز عمل نہ کریں جو کسی بیماری کا شکار ہوں یا کوئی آسیبی مرض ہو۔ فعل حیوانی کے عادی شخص بھی یہ عمل نہ کریں کیونکہ دوران عمل مکمل پرہیز کرنا ہوگا۔

## عمل شیخ سدو پہلوان برائے پرائز بانڈ

**عبارت عمل:** بسم اللہ نیلا گھوڑا سبز کمان جس پر چڑھے شیخ سدو پہلوان' پان کھائیں ماموں کا' کام کریں اللہ کا' میاں بادشاہ بابا سید بر بنے بٹیلے' جمعہ کے چنگیر' بہری کے سعید مرد لال الٰہی کے سعید بابا' مدار شاہ' محبت شاہ' مخدوم شاہ کرمت شاہ نالے پو والے چندن سعید' سید مٹو والے سید' کھنا دیو جتنے ولی پیر پیغمبر مہر کرو مہر کرو مجھے پرائز بانڈ کے فسٹ و سیکنڈ کی نمبرز بتاؤ بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام و بحق حضرت بابا کریم بخش چشتی صابری قدس سرۃ العزیز العجل الساعۃ الوحا۔

**ترکیب عمل:** حسب وعدہ شائقین پرائز بانڈ کی خدمت میں فسٹ اور سیکنڈ کی نمبرز معلوم کرنے کا زبردست و صدری عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ اس سے پہلے کسی کتاب یا رسالہ میں آپ کو نہ ملے گا۔ جو قارئین یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں سو فیصد درست پرائز بانڈ کا نمبر ملے تو ان کو چاہئے کہ مندرجہ بالا عمل کو پورے یقین و اعتماد سے کریں اور اپنا دلی مقصد حاصل کریں جس کے حصول کیلئے آپ نے ہزاروں' لاکھوں روپے برباد کر ڈالے ہیں اور آپ کو مایوسی اور مالی پریشانی کے سوا کچھ بھی نہیں ملا۔ عمل ہذا میں کامیابی حاصل کرنے والوں کو چاہئے کہ صاحب مضمون کے حق میں دعائے خیر کریں۔

جب بھی پرائز بانڈ کا فسٹ اور سیکنڈ کی نمبرز معلوم کرنا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندے ہفتہ کی رات 12 بجے عمل شیخ سدو پہلوان کا شروع کریں۔ اب عامل علیحدہ کمرے میں جائے جہاں کسی قسم کا گھریلو سامان نہ ہو اور نہ ہی دوسرا شخص دوران عمل موجود ہو۔ پھر اپنے اردگرد پانچوں قل شریف 5-5 مرتبہ پڑھ کر حصار کریں اور اپنا منہ مشرق کی طرف کر کے بیٹھ جائیں پھر عامل اپنی دونوں آنکھیں بند کر کے عبارت عمل 500 مرتبہ پڑھ کر پڑھائی مکمل کر کے وہیں سو جائیں جہاں عمل پڑھا ہو۔ اسی طرح روزانہ وقت مقرر پر عمل پڑھتے رہیں دوران عمل آنکھیں ہرگز نہ کھولیں ورنہ عمل ناکام ہو جائے گا۔ تیسرے یوم کانوں میں خوفناک اور ڈراؤنی آوازیں سنائی دیں گی۔ لیکن اپنا دل قوی رکھیں اور عمل برابر پڑھتے رہیں۔ یہ صرف آپ کو ڈرانے کے لئے کیا جا رہا ہے تاکہ عامل ڈر کر آنکھیں کھول دے اور عمل میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اس لئے دوران عمل اپنے قریب کسی قسم کا خوف نہ لائیں۔ کیونکہ ان چیزوں کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ عامل اپنے مقصد میں ناکام ہو جائے۔ اگر آپ نے اپنی آنکھیں کھولیں تو ناکامی آپ کا مقدر بن

جائے گی اور آپ کو دوبارہ عمل اگلے ماہ کی نوچندے ہفتہ کو شروع کرنا پڑے گا۔ اس طرح آپ کا ایک ماہ ضائع ہو جائے گا۔ بس عامل کو چاہئے کہ پوری ہوشیاری سے عمل پڑھتا رہے۔ پھر گیارہویں رات جب عامل پڑھائی مکمل کرے گا تو ایک پرائز بانڈ کی مکمل لسٹ جس پر فسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ کی نمبرز لکھے ہوں گے عامل کے سامنے آجائے گی۔ اب آنکھیں کھول کر فسٹ اور سیکنڈ کی نمبرز ذہن میں یاد کر لیں اور اگلے روز یہی نمبرز عامل خرید کر رکھ لے اور کسی کو بھی یہ نہ بتائیں کہ میں نے یہ پرائز بانڈ کے نمبرز خرید کر رکھے ہیں ورنہ ہرگز یہ نمبرز آئندہ کی قرعہ اندازی میں نہیں آئیں گے اور ساری کی ہوئی محنت برباد ہو جائے گی اور پچھتاوے کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ قرعہ اندازی میں یہی کی نمبرز فسٹ اور سیکنڈ میں آئیں گے اور آپ انعام کے حق دار بن جائیں گے۔ انعام سے حاصل ہونے والی دولت میں سے غریبوں کی مالی مدد کریں اگر ایسا نہ کیا تو نقصان اٹھائیں گے۔

**توشہ**: 5 عدد پھول گلاب، 3 عدد لونگ، 4 عدد چھوٹی الائچی، 4 عدد بتاشے، دو پان کے بیڑے، 4 عدد لڈو موتی چور، 3 آک (مدار) کے پھول، روزانہ اپنے پاس رکھیں پھر عمل مکمل ہونے کے بعد دریا میں ڈال دیں اور روزانہ گھی کا چراغ لازمی جلائیں۔

**نوٹ**: یاد رکھیں کہ اس عمل شیخ سدو پہلوان سے صرف ایک دفعہ فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ بار بار کرنے والا اپنی بربادی کا بعد میں گلہ نہ کرے۔ اس لئے جو انعام لگے اور پھر اس سے حاصل ہونے والی دولت سے کوئی کاروبار کر لیں تاکہ زندگی خوشحالی سے گزرے۔ اس عمل میں اجازت ضروری ہے ورنہ نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔

## خروج الرجال صدری آزمودہ

☆.....از تحریر: علامہ طالب حسین کرمانی۔ چک مغل

قارئین کرام اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ:

**اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَا اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ٥**

پارہ 19 سورۃ النمل آیت 37 ترجمہ پلٹ جا ان کی طرف تو ضرور ان پر وہ لشکر لائیں گے جن کی انہیں طاقت نہ ہوگی اور ضرور ہم ان کو اس شہر سے ذلیل کر کے نکال دیں گے یوں کہ وہ پست ہو گئے، اس آیت کا ترجمہ تفسیر جلالین عربی صفحہ نمبر ۳۰۰ میں اس طرح ہے کہ:

ارجع الیهم بما اتیت به من الهدية فلنأتينهم بجنود لا قبل لا طاقة لهم بها ولنخرجنهم منها من بلدهم سباسميت باسم ابى قبيلتهم اذلة وهم صاغرون اى ان لم يأتونى مسلمين فلما جاء اليها الرسول بالهدية جعلت سريرها داخل سبعة ابواب داخل قصرها وقصرها داخل سبعة تصور و اغلقت الابواب وجعلت عليها حرسا وتجهزت للمسير الى سليمان لتنظر ما يا مرها به فارتحلت فى اثنى عشر الف قيل مع كل قيل الوف كثيرة الى ان قربت منه على فرسخ شعر بها٥

زیادہ معلومات دیکھنے کیلئے تفسیر جمل عرف زیر طبع مصر اسی آیت کی تفسیر صفحہ ۳۱۴ ج ۳ میں دیکھ لیں۔ اس آیت مبارکہ کے چند اعمال اور نقوش عرض کر رہا ہوں اُمید ہے کہ میرے دوست اس سے مستفید ہوں گے۔ یہ اعمال اور نقوش بہت تیر بہدف ہیں۔ ان تعویذات کی کوئی زکوۃ نہیں ہے۔ پس آپ اجازت لیکر لکھیں اور فائدہ حاصل کریں آپ ناجائز جگہ پر استعمال نہ کریں ورنہ گنہگار ہوں گے اور نقصان بھی ہوگا عمل تو کام کر جاتا ہے مگر انسانیت کے خلاف ہوتا ہے۔ یہ میرے اعمال اور نقوش میری کتاب قلمی عملیات کرمانی مجربات سلیمانی میں سے ہیں۔

(۱) اگر آپ کا دشمن آپ کو قتل کرنا چاہتا ہے یا مال و عزت کا دشمن بن چکا ہے اور آپ حق پر ہیں تو آپ اپنے دشمن کے نام مع والدہ کے اعداد قمری کے مطابق پرانی مسجد میں یا جس مسجد کی چھت گر گئی ہو اس میں یہ عمل بلا ناغہ وقت اور جگہ مقررہ پر کریں اور گیارہ ایام کریں انشاء اللہ آپ کا دشمن گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔

(۲) یہ بہترین طریقہ ہے دشمن کو گھر سے نکالنے کا آپ سبعہ کنکریاں مٹی کی لیں ایک کنکری قبر کی دوسری غرق شدہ جگہ کی تیسری پرانی مسجد کی چوتھی کھنڈر کی پانچویں ویران جگہ کی چھٹی چوراہے کی ساتویں دشمن کے گھر کی۔ ان کنکریوں پر یہ عمل باوضو کامل، بعد نماز عشاء پرانی مسجد میں چلتے پھرتے ۳۶۰ مرتبہ پڑھیں اسی طرح بلا ناغہ گیارہ ایام کریں اور پھر یہ کنکریاں دشمن کے گھر میں پھینک دیں انشاء اللہ تیرا دشمن جلدی گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔

(۳) اگر آپ کا دشمن آپ کو ناحق تنگ کرتا ہو تو آپ باوضو کامل بعد نماز عشاء اس عمل کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں جتنے دن میں مکمل ہو سکے دونوں اور جگہ کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ بلا ناغہ کریں ہر رات عمل کے بعد دشمن کا نام مع والدہ لیکر بددعا کریں انشاء اللہ آپ کا دشمن اپنے گھر سے جلدی

بھاگ جائے گا۔ مجرب ہے۔

(۴) ماہ کے آخری منگل کو مریخ کی ساعت میں منہ میں کوئی پاک ترش چیز رکھ کر یہ تعویذ کالی سیاہی سے سفید قرطاس پر دو عدد لکھیں ایک تعویذ پرانی قبر میں اور دوسرا تعویذ دشمن کے گھر میں دفن کریں انشاء اللہ آپ کے دشمن کا جلدی ہی خروج ہوگا۔

(۵) اس آیت مبارکہ کے عدد قمری کے مطابق پڑھ کر ایک تعویذ لکھیں اور اس پر یہ آیت ایک بار پڑھ کر دم کر دیں اور اس تعویذ کو پرانی قبر میں دفن کر دیں انشاء اللہ سات دن کے اندر دشمن گھر سے مکمل طور پر چلا جائے گا۔ مجرب ہے۔

(۶) چار تعویذ باوضو کامل یوم الثلاثہ اور مریخ کی ساعت میں آخری ماہ کو لکھیں ایک تعویذ پرانی مسجد میں دوسرا تعویذ غرق شدہ جگہ میں تیسرا تعویذ دشمن کی رہائش گاہ میں چوتھا تعویذ پرانی قبر میں دفن کریں اور دوسرے تعویذ پلانے والے گیارہ عدد لکھ کر دشمن کو پلائیں انشاء اللہ دشمن گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا مجرب ہے۔

(۷) میں نے تعویذ پلانے والا چار عناصر میں لکھ دیا ہے آپ دشمن کے عنصر کے مطابق لکھیں اور دونوں تعویذوں کے نیچے دشمن کا نام معہ والدہ لکھیں۔

## تعویذ برائے دفن

یاجبرائیل          یاقھار          یامیکائیل

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارجع | الیھم | قلنا | تینھم | بجنود | لا | قبل | لھم |
| الیھم | قلنا | تینھم | بجنود | لا | قبل | لھم | بھا |
| قلنا | تینھم | بجنود | لا | قبل | لھم | بھا | ولنخرجنھم |
| تینھم | بجنود | لا | قبل | لھم | بھا | ولنخرجنھم | منھا |
| بجنود | لا | قبل | لھم | بھا | ولنخرجنھم | منھا | اذلۃ |
| لا | قبل | لھم | بھا | ولنخرجنھم | منھا | اذلۃ | وھم |
| قبل | لھم | بھا | ولنخرجنھم | منھا | اذلۃ | وھم | صٰغرون |

یااسرائیل          یاجبار          یاعزرائیل

### برائے تعویذ پلانے کیلئے مربع آتشی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| یاقھار | وھم | ولنخرجنھم | قبل |
| منھا | لا | ارجع | اذلہ |
| بجنود | لھم | یاجبار | الیھم |
| صٰغرون | قلنا | تینھم | بھا |

### برائے تعویذ پلانے کیلئے مربع خاکی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| وھم | یا قھار | قبل | ولنخرجنھم |
| لا | منھا | اذلہ | ارجع |
| لھم | بجنود | الیھم | یاجبار |
| قلنا | صٰغرون | بھا | تینھم |

### برائے تعویذ پلانے کیلئے مربع بادی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| منھا | لھم | ارجع | صٰغرون |
| الیھم | وھم | اذلہ | قبل |
| یاجبار | قلنا | لا | بھا |
| بجنود | ولنخرجنھم | یاقھار | تینھم |

### برائے تعویذ پلانے کیلئے مربع آبی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| قبل | ولنخرجنم | وھم | یاقھار |
| اذلہ | ارجع | لا | منھا |
| الیھم | یاجبار | لھم | بجنود |
| بھا | تینھم | قلنا | صٰغرون |

سوال: یا علیم! کیا خروج الرجال کے اعمال اور نقوش میں اثر ہے یا نہ؟

تخلیص: ک ی ا خ ر و ج ل ر ج م ن ق ش ث ہ

موخرصدر: ل ک ث ی ش ا ق خ ن ر م و ح ج ل

موخرصدر: ل ہ ج ک ح ث و ی م ش ر ا ن ق خ

موخرصدر: خ ل ق ل ن ج ا ک ر ح ش ث م و ی

صدرموخر: خ ی ل  و ق م  ہ  ث ن ش ج  ح ا ر  ک

جواب  خیل  قوم ہے  جشن  حار  ک (کافی)

تشریح: خیل کو اُردو میں گھوڑا کہتے ہیں۔ حار کو اُردو میں کہتے ہیں کاٹ کر دینا' لے جا' تلف کر دینا' کنوئیں کی مٹی سے بھر دینا۔ جس طرح گھوڑوں کی جنس و قوم میں تیزی ہوتی ہے جشن کے دن اس طرح ان اعمال و نقوش میں حار کافی ہے۔

# ابجد نجوم

سبق نمبر 34



## زائچہ کے تیسرے خانہ (گھر) کا تجزیہ

منجم زنجانی برادرز سے علم نجوم سیکھیں

جس طرح زائچہ ولادت کے پہلے خانہ میں انسان کی ذاتی شخصیت' مادی تشکیل' عادت' اطوار اور کردار پر بحث ہے یا دوسرا خانہ اس کے متحرک امور' مالیات' آمدنی اور ذرائع آمدنی پر مبنی ہوتا ہے اسی طرح سے تیسرا خانہ مولود کے ذہنی شعور' لاشعور سے منسلک ہے۔ یہ تینوں خانے مریخ (پلوٹو) زہرہ (کیرون یا چیرون) اور عطارد (؟) کے تحت اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس خانہ کے سلسلے میں ان تمام حرکات سکنات' کیفیات کا مشاہدہ کرنا ضروری ہوتا ہے جو اس سے وابستہ ہوتے ہیں جیسے ساتواں خانہ جو رشتہ داروں اور بیوی سے تعلق رکھتا ہے۔ اسی طرح گیارہواں خانہ جو دوستوں کرم فرماؤں اور بہی خواہوں سے متعلق ہے۔ جبکہ تیسرا خانہ خود بہن بھائی' عزیز و اقارب سے ہے تیسرا خانہ خصوصی طور پر ان مسائل سے تعلق رکھتا ہے جو ذہنی رجحانات اور دماغی صلاحیت پر سنجیدگی کے ساتھ اثر انداز ہوتے ہیں اس خانہ میں مقیم سیارگان کا تجزیہ اس طرح کریں۔

**شمس** :عزت' افتخار کے حامل رجحانات رکھنے والا' تمام ذہنی شعبوں میں خود بین اور ثابت قدم رہنے اور ہمیشہ کامیابی کو مطمع نظر بنانے والا' دماغی صلاحیتوں کے ذریعے شہرت' عزت' مرتبہ پانے والا' دوسروں کو ذہنی طور پر فائدہ پہنچانے والا فرد ہوتا ہے۔ دیگر سیارگان کے انظار سے مزید ذیلی تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں۔

**مریخ** : مستقل مزاجی' ابن الوقتی

**مشتری**: مذہبی اور فلسفیانہ خیالات با اصول ہمدرد دل و دماغ کا مالک

**زحل**: حکمران' ذی جاہ' ذی اقتدار' عالی مرتبت

**یورانس**: نفاست پسند' محقق' تعمیری اوصاف

**نیپچون**: نکتہ شناس' باریک بین

**پلوٹو**: جدت پسند' تنوع پسند' غیر متزلزل

اس خانے میں شمس کی موجودگی اور نیک نظری عزیز و اقارب سے برتاؤ اور سفر میں کامیابی کی دلیل ہوتی ہے۔ اگر شمس کچھ زیادہ ہی بدنظری کا شکار ہو تو غرور و تکبر پیدا کرتا ہے۔ اس صورت میں مولود کا ذہن فاسدہ دوسروں کیلئے وبال جان بن جاتا ہے۔ شمس و قمر کا درمیانی فاصلہ اس بات کا غماز ہے کہ مولود کو ہر دس سال کے بعد منفعت اور پر مسرت خوشحالی سے ہم کنار کرتا رہیگا۔

**قمر** :تیسرے خانہ میں قمر تلون مزاجی کا مظاہرہ کراتا ہے لیکن ہمہ اقسام کی معلومات حاصل کرنے کا متمنی بناتا ہے۔ اس کے علاوہ مسلسل پامردی سے کام کرنے میں تساہل برتتا ہے۔ ہمہ وقت شہرت کا متمنی رہنا اس کا شیوہ ہوتا ہے۔ اس کی ذہنی کیفیات اور افکار کا انحصار دوسرے سیارگان کے ساتھ قائم ہونے والے انظار میں مضمر ہے۔

قمر شمس: شمس سے نظر سعد ذہنی صلاحیتوں اور مسلسل استحکام پیدا کرتی ہے۔

قمر عطارد: عطارد سے سعد نظر ہو تو دماغی صلاحیت اُجاگر ہو کر بلندی

حاصل ہوتی ہے۔

قمر زہرہ: زہرہ کی سعد نظر سے ذہن صالح، صاف ہوتا ہے اوسط درجہ کا وقار ہوتا ہے۔

قمر مریخ: مریخ سے سعد نظری سیاحت میں دلچسپی میں اضافہ کرتی ہے۔

قمر مشتری: مشتری سے نظر سعد ہونا، قمر حیثیت کو معاشرہ اور تمدن کے رجحانات سے سرفراز کرتی ہے۔

قمر زحل: زحل سے سعد نظر ذہنی قوتوں میں استحکام پیدا کرتی ہے۔

قمر یورانس: یورانس سے سعد نظر تصوراتی قوت اور روحانی بلندیوں میں بے حد اضافہ کرتی ہے۔

قمر نیپچون: نیپچون کی سعد نظر برج کی فطرت اور نظر کی قوت سے ذہن کو کچھ نادر اقسام بہم پہنچاتی ہے۔

قمر پلوٹو: پلوٹو کی نظر سعد جدت پسندی کے رجحانات کو جلا بخشتی ہے۔

قمر کی حیثیت عزیز و اقارب کے مسائل کو خوش اسلوبی سے حل کرنے میں مدد دیتی ہے۔ قمر چھوٹے موٹے سفر، تبدیلی آب و ہوا، تفریحی مقامات کی سیر کے شوق کو جلا بخشتی ہے۔ اس گھر میں قمر اگر زحل مریخ یورانس کے مضر انظار کا شکار ہو تو بہت خطرہ ظاہر ہوتا ہے اور اچھائیوں کی ضد بن جاتا ہے۔

اس گھر میں عطارد طالب علم کے ذہن کو ایسا کرتا ہے کہ کچھ نہ کچھ حاصل کرنے کا شوق (علمی) بڑھاتا ہے۔ مستقل مزاجی کے ساتھ ساتھ ذہنی طور پر باشعور بناتا ہے۔ سائنسی مضامین، عنوانات کے مطالعہ کا بے حد شوق پیدا کرتا ہے۔ یہ گھر عطارد کا مثبت خانہ ہے۔ خالص ذہنی بالیدگی عطا کرتا ہے۔

عطارد مریخ: عطارد مریخ کی سعد نظر ریاضی کا ماہر، مشینری کی مہارت پیدا کرتی ہے۔

عطارد مشتری: مشتری سے سعد نظر مدلل استدلال اور قوت فیصلہ میں مدد دیتی ہے۔

عطارد زحل: زحل سے سعد نظر عمیق خیالات، دقیق نظریات والی ہوتی ہے۔

عطارد یورانس: یورانس سے سعد نظر وجدانی کیفیات، ترقی پسندانہ نظریات کی ضامن ہوتی ہے۔

عطارد نیپچون: نیپچون سے سعد نظر غور و فکر اور تدبر کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔

عطارد پلوٹو: پلوٹو سے سعد نظر اعلیٰ فنی اقتدار، تہذیبی معیار سے غیر معمولی تضاد پیدا کرتی ہے۔

عطارد مریخ کی نحس نظر بد دیانتی، بد اعتمادی کا مظہر ہوتی ہے۔ عطارد مشتری کی نحس نظر ذہنی خلفشار، کمزوری دماغ کی نشاندہی کرتی ہے۔

عطارد زحل کی نحس نظر مالیخولیا قسم کے امراض کی نشاندہی کرتی ہے۔

عطارد کی نحس شعاعیں ذہن انسانی کو متاثر کرتی ہے۔ یہ اس وقت اہم ہوتی ہے جبکہ یہاں کوئی ایسا برج ہو جو اپنی سعدیت کھو چکا ہو یا پھر برج کے خواص پر منحصر ہے۔ خانہ سوم میں عطارد کا قیام سفر کے معاملات میں ذہن کو بہت آسانی بخشتا ہے اور کامیابی کی دلیل مانا جاتا ہے۔

**زہرہ**: تیسرے گھر میں زہرہ فنون لطیفہ، شاعری، ادیب، موسیقار وغیرہ ذہنوں کو بلند و بالا کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔ بے حد محبت کا جذبہ ابھارتا ہے اور ذہن کو تابناک پر اُمید، پرسکون زندگی سے ہمکنار کرتا ہے۔ یہ اس بات کی ترجمانی ہے کہ اکثر تفریحی سفر پیش آتے ہیں۔
نیز عزیز و اقارب یا ان کی وساطت سے کامیابی کی دلیل ہے۔ اگر طالع ولادت مثبت ہو تو شاعرانہ، ادباء کے جذبات زیادہ اُجاگر ہوتے ہیں۔
منفی برج کے تحت پیدا ہونے والے موسیقار ہوتے ہیں۔

**مریخ**: تیسرے گھر میں مریخ پوری طاقت سے اثر انداز ہوتا ہے۔ یہاں مولود میں سب سے زیادہ جوشیلی طبیعت پیدا کرتا ہے اور بے انتہا غیض و غضب کی ذہنیت کو ابھارتا ہے۔ صرف زحل اور عطارد کی سعد انظار ہی اس غیض و غضب میں کمی کا باعث ہوتی ہیں۔ کبھی کبھی یورانس کے سعد انظار بھی مزاج میں اعتدال پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اگر اس خانہ میں مریخ پر دوسرے سیارگان کی نحس نظر ہو تو بہت مضر بنا دیتی ہے خصوصاً یورانس کی نحس نظر خودکشی کے جذبہ کو ابھارتی ہے۔ اس گھر میں مریخ کی موجودگی زندگی کے کسی نہ کسی حصہ میں خفقان اور جنون جیسے حالات پیدا کرتی ہے۔ اکثر لوگ سرسام سے دوچار ہوتے ہیں۔ ہاں ایک اہم بات یہ ہے کہ اگر مریخ برج جدی کا ہو کر تیسرے گھر میں ہو تو ان تمام ضرر رسانیوں میں کمی واقع ہوتی ہے یا معدوم بھی۔ اس خانہ میں مریخ کی ثانوی حیثیت عزیز و اقارب کے ذریعہ پہنچنے والی بہت سی تکالیف کا اظہار کرتی ہے۔ اگر نحس نظرات میں گھرا ہوا ہو تو سفر کے دوران حادثات کے رونما ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے یا سفر کے باعث پریشانیوں سے دوچار ہونے کا امکان ہوتا ہے۔

**مشتری**: تیسرے گھر میں مشتری مذہبی عقائد، فلسفیانہ ذہن کی عکاسی کرتا ہے۔ شفیق، مہربان شخصیت اور بلند معیار فطرت کی غمازی کرتا ہے۔ تحریر و تقریر میں جان ڈالتا ہے۔ امتحانات میں کامیابی کی دلیل ہوتا ہے۔ اعلیٰ تصوراتی نعمتوں سے مالا مال کرتا ہے۔ خوش مزاج، خوش طبیعت بناتا ہے۔ اس گھر میں مشتری تمام امتحانات میں کامیابی اور کامرانی سے ہمکنار کرتا ہے۔ عموماً جن کی بنیاد خالص مذہبی اور ذہنی صلاحیت پر ہو اگر تیسرے گھر میں مشتری کسی آتشی برج میں ہو تو

معاشرتی اور تمدنی کامیابی لاتا ہے۔ اگر خاکی برج میں ہو تو تجارت سے نفع دلاتا ہے اور میعادی سودوں میں کامیابی لاتا ہے۔ قمار بازی کے لئے بھی یہاں مفید ہوتا ہے اور اگر بادی برج ہو تو ذہنی اور دماغی امور کیلئے خوش آئند ہوتا ہے۔ آبی برج سے بحری سفر میں مدد دیتا ہے۔ اگر مریخ بہ نظر تربیع یا مقابلہ مشتری کو ناظر ہو تو ان تمام مسائل میں ضرر رساں ثابت ہوتا ہے خصوصاً مریخ کی نحس نظر نقصان دہ ہوتی ہے۔

**زحل**: تیسرے گھر میں زحل ان تھک محنت اور صبر آزما کام کراتا ہے۔ مفکرانہ ذہنیت کو جلا بخشتا ہے۔ اس کا زیادہ تر انحصار زائچہ کی قوت پر ہوتا ہے۔ اگر زائچہ مجموعی طور پر کمزور ہو تو بدخواہ اور ڈرپوک بناتا ہے۔ اگر شمس سے نحس نظر ہو تو ذہانت کو بہت کمزور کرتا ہے اور غلط کاموں کی جانب مائل کرتا ہے۔ عطارد سے نحس نظر کی صورت میں بے ایمان، خالی الذہن بناتا ہے۔ زہرہ سے نحس نظر ہو تو بدذوق بناتا ہے اور نفاست پسندی کو ختم کرتا ہے۔ مریخ سے نحس ہونے کی صورت میں بے صبر، غیر متحمل مزاج اور ناقابل اعتماد بناتا ہے۔ مشتری سے نحس نظر ہونے کی صورت میں دغا، فریب، مذہب سے بیزاری بلکہ مذہب کی تکفیر کو ابھارتا ہے۔ زحل کی یہاں موجودگی عزیز و اقارب سے تعلقات میں خرابی لاتی ہے۔ سفر حضر میں خرابی لاتی ہے اور بے فائدہ تبدیلیوں کی مظہر ہوتی ہے۔

**یورانس**: تیسرے گھر میں یورانس تحقیق اور تحسین کا متلاشی بناتا ہے لیکن ناکارہ ذہن عطا کرتا ہے۔ روحانی اور طلسماتی علوم سے رغبت دلاتا ہے بے ہنگم رجحانات کو جنم دیتا ہے۔ یہاں عموماً حیوانی ذوق پیدا کرتا ہے۔ سعد انظار ہونے کی صورت میں معمولی کمی ہوتی ہے۔

**نیپچون**: تیسرے گھر میں نیپچون روحانی علوم کا دلدادہ بناتا ہے۔ قوت متخیلہ میں اضافہ کرتا ہے۔ اکثر زائچہ میں دوسرے عوامل سعد ہوں تو ایسا شخص روحانیت کا پجاری، منجم، علوم روحانیات کا ماہر بناتا ہے۔ بشرطیکہ زائچہ اس قسم کے عوامل کا دوسرے اسباب سے پیدا ہوئے۔

**پلوٹو**: تیسرے گھر پلوٹو کا قیام اختراعات اور تخلیقاتی قسم کا ذہن عطا کرتا ہے۔ وقت کی لہروں کے ساتھ ساتھ تبدیلی اس کا شعار ہوتا ہے۔ ہر معاملہ میں جدت پسندی اس کا شیوہ ہوتا ہے۔ واضح ہو کہ تیسرے گھر کو صرف اور صرف ذہنی نشوونما اور صلاحیتوں کا واحد ترجمان نہیں جاننا چاہئے بلکہ اس کا مطالعہ کرتے وقت شمس، قمر اور عطارد کو ضرور پیش نظر رکھنا چاہئے کیونکہ اس خانے سے ان کا تعلق لازم و ملزوم ہے۔

## بقیہ: فتح نامہ

(۲) دشمنوں کو ذلت و خواری و شکست فاش پہنچانے کیلئے چھ روز کا عمل ہے۔ ہر روز ہشت سلام 101 بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ خدا تعالیٰ کی مدد سے دشمن ذلیل و خوار ہونگے

(۳) جو شخص شر اعداء سے مکمل طور پر محفوظ رہنا چاہے تو روزانہ ۳۱۳ بار ہشت سلام پڑھے انشاء اللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۴) زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

(۵) شادی کا نہ ہونا، بندش، رکاوٹ، بانجھ پن، ملازمت کا نہ ملنا، سحر و جادو اس کیلئے روزانہ ۱۰۱ بار ۴۰ یوم پڑھیں ایک نقش گلہ میں پہنیں اور ایک نقش زعفران سے لکھ کر روزانہ ۴۰ یوم پئیں۔

(۶) برائے کشف اسرار غیوب، پردہ غیب سے راز خداوندی معلوم کرنے کیلئے چالیس روز کا عمل ہے۔ روزانہ ۱۶۷ مرتبہ ہشت سلام پڑھیں انشاء اللہ اسرار علم لدنی اور پردہ غیب سے راز ہائے خداوند کشاف غیوب ظاہر ہونگے۔

(۷) عزت، وقار، ترقی مراتب کیلئے روزانہ گیارہ مرتبہ ہشت سلام پڑھے۔

(۸) تنہائی، وحشت کی دوری اور قید و بند، پھانسی سے نجات کیلئے روزانہ ۱۶۵ مرتبہ پڑھے۔

(۹) تمام مشکلات، مہمات اور جملہ دشواریوں کے حل کیلئے "ہشت سلام" بکثرت ورد کرنا اکسیر ہے۔

(۱۰) تسخیر خلائق اور جس مقصد کیلئے پڑھیں گے انشاء اللہ غیب سے سامان ہوگا اور کامیابی قدم چومے گی۔

(۱۱) جو شخص روزانہ ۱۰۱ مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھا کرے وہ اس کے عجیب و غریب اثرات دیکھے گا اور انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی ہوگی زیادہ فوائد لکھنے سے قلم قاصر ہے اور جو بھی ان "ہشت سلام" کو روزانہ پڑھے گا وہ اپنی زندگی خوشی و خوشحالی سے گزارے گا۔ یہ عمل جو بھی کریگا انشاء اللہ ضرور بہ ضرور کامیاب ہوگا۔ اگر ان "ہشت سلام" کو خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھا جائے تو یہ کبھی خطا نہیں کرتے یہ عمل اکسیر صفت ہے۔